روحانی اشارے

شیوبرت لال

·The Hindoo Monk of India·

رام دتہ مل اینڈ سنز تاجران کتب لوہاری گیٹ لاہور

رُوحانی اِشارے

مہاتما رام کرشن پرم ہنس۔ سوامی وویکانند جی کے گورو کے مثالیہ قصّوں اور دوسری دلچسپ روایتوں کے سلسلہ میں حقیقت کے انکشاف و وضاحت کی کوشش

سین بین کو جو گئے تاسوں کہئے دھائے
کبھی بین پوچھے نہیں۔ تاسوں کہئے بلائے
کبیر صاحب

از
بابو شیو برت لال ورمن

پبلشرز
لالہ رامدتہ مل اینڈ سنز پبلشرز بک سیلرز لوہاری گیٹ لاہور

بار پنجم
قیمت ۲

فہرست مضامین

روحانی اشارے

حصّۂ اوّل

رام کرشن پرم ہنس کے مثالیہ قصّے

۱۔ اونچی دیواروں سے گھرا ہوا باغ

ایک باغ اونچی دیواروں سے ہر چہار طرف گھرا ہوا تھا۔ باہر کے آدمی یہ نہیں جانتے تھے۔ اس کے اندر کیا ہے ایک مرتبہ چار آدمیوں نے یہ ارادہ کیا کہ دیکھیں اس میں کیا ہے؟ اور وہ دیواروں پر چڑھنے کے لئے اپنے ساتھ ایک سیڑھی بھی لے گئے۔ پہلے ایک آدمی چڑھا۔ جوں ہی اس نے اوپر سے باغ کے اندر نگاہ کی۔ زور سے قہقہہ مار ہنس پڑا اور پھر دہم سے اندر

کی طرف کود پڑا - اسی طرح دوسرا آدمی بھی چڑھا اور خوشی سے ہنستا ہؤا وہ بھی اندر کُود پڑا - یہی کیفیت تیسرے آدمی کی بھی ہوئی - اس کے بعد چوتھا آدمی بھی چڑھا - جب دیوار کی چوٹی پر پہنچا تو اُس کو باغ کے اندر مختلف قسم کے اچھے اچھے پھل پھُول اور خوبصورت درخت دکھائی دئے - خوش ہو کر اس نے بھی چاہا کہ اندر کُود جائے مگر دل میں خیال آیا - میں اکیلا ہی کیوں اس کا سُکھ حاصل کروں - کیوں نہ اَوروں کو بھی جا کر اس باغ کی ہستی کی خوشخبری دوں تاکہ اور لوگ بھی اس کا مزہ پائیں - یہ سوچ کر وہ دیوار سے اُتر آیا اور سب کو باغ کے اندرونی حال سے واقف کیا +

ایشور اِس قصہّ میں چاروں طرف سے گھِرا ہؤا خوبصورت اور سوہاؤنا باغ ہے - جو اس کو دیکھتا ہے اپنے آپ کو بھول جاتا ہے - اور آنند میں محو ہو جاتا ہے - سادھو اور سنت انہیں کو کہتے ہیں - ان سنت اور سادھوؤں میں ایسے بھی ہوتے ہیں جو دنیا کی فلاح کے خیال سے ایشور کو دیکھ کر بھی اپنی مکتی نہیں چاہتے اور جنم مرن کے جنجال میں پھنسے ہوئے اوروں کو تارتے رہتے ہیں ٥

نمرودر - سرودر - سنت جن - چوتھے برنیں مینہ
پرمارتھ کے کارنے چاروں دھاریں دیہہ

۲ نادانوں کے مذہبی تفرقات (چار اندھے)

چار اندھے ایک ہاتھی کو دیکھنے گئے - ایک نے ہاتھی کا پاؤں چھوا اور کہنے لگا - ہاتھی کھمبے کی طرح ہے - دوسرے نے ہاتھی کی سونڈ پکڑی - کہنے لگا ہاتھی لکڑی کی طرح ہے - تیسرے نے ہاتھی کے پیٹ پر ہاتھ پھیرا - بولا ہاتھی بڑے گھڑے کی طرح ہے - چوتھے نے کان چھوئے بولا ہاتھی سوپ کی طرح ہے ÷

گھر پر آکر یہ چاروں ہاتھی کی شکل و صورت کے متعلق لڑنے جھگڑنے لگے - ایک سوجھاکے نے اُن کی باتیں سُنیں - اندھوں نے کہا - تو ہمارا فیصلہ کر دے - وہ بولا - تم میں سے کسی نے ہاتھی کو نہیں دیکھا ہے جس نے جس عضو کو ہاتھ سے چھوا غلطی سے اُسی کو ہاتھی سمجھ بیٹھا - تم میں سے نہ سب سچے ہیں - نہ جھوٹے ہی ہیں - ہاتھی کے پاؤں کھمبے کی طرح ہوتے ہیں - سونڈ لکڑی کی مثال ہے - پیٹ گھڑے کی شکل کا ہے - کان سوپ کی طرح ہوتے ہیں ÷

ایشور کے مسئلہ کے متعلق اکثر لوگ ایک ہی پہلو

لہ درخت - لہ تالاب ÷

پر نظر ڈالتے ہیں - ہر چہار پہلو کو نہیں دیکھتے - اسواسطے اندھوں کی طرح لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں - ایشور کو اُن لوگوں کی نظر سے دیکھنے کی لیاقت حاصل کرو جنہوں نے اُس کا ساکشات کار کیا ہے ؎

وستو[1] کہیں ڈھونڈھے کہیں - کیونکر آوے ہاتھ
کہیں کبیرؔ تب پائیے - جب بھیدی لیجئے ساتھ

(۳) ایشور پر بھروسہ (باپ اور بیٹے)

ایک آدمی اپنے دو لڑکوں کو ساتھ لئے جاتا تھا - ایک لڑکا کمسن اُس کی گود میں تھا - دوسرا اُس کا ہاتھ پکڑے ہوئے چلا جاتا تھا - اتنے میں دونو لڑکوں نے ایک پتنگ آسمان میں اُڑتی ہوئی دیکھی - دونو لڑکے تالی بجا کے چلا اُٹھے "آہا - کیا چڑیا اُڑ رہی ہے!" اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُس لڑکے کو جو اپنے باپ کا ہاتھ چھوڑ کر تالی بجانے لگا تھا - گر پڑا - چوٹ آگئی - مگر وہ لڑکا جو گود میں تھا تالی بجانے پر بھی نہیں گرا اور آرام سے رہا ؎
اسی طرح جو لوگ ایشور پر بھروسہ رکھتے ہیں اُن کو کچھ نقصان نہیں پہنچتا - مگر جو اپنی طاقت پر اتراتے ہیں اکثر دھوکا کھاتے ہیں ؎

ایک بھروسہ ایک بل ایک آس وشواس

---

[1] چیز

سوانتی سلل[۱] گورو چرن ہیں چاترک[۲] تلسی داس

۴۔ مایا (ہری داس اور ایک لڑکا)

ہری داس ایک دن ایک لڑکے کو شیر کا چہرہ اپنے منہ پر لگا کر ڈرا رہا تھا۔ اتنے میں لڑکے کی ماں آئی۔ اُس نے لڑکے کو دلاسا دے کر کہا۔ "بیٹے! کیوں ڈرتا ہے یہ تو ہری داس ہے۔ شیر نہیں ہے۔ اس نے صرف کاغذ کا چہرہ منہ پر لگا رکھا ہے" لڑکے کی ماں نے اسے بہتیرا سمجھایا۔ مگر وہ مارے ڈر کے روتا رہا۔ لیکن جب ہری داس نے اپنے منہ سے شیر کے چہرے کو اُتار کر لڑکے کے ہاتھ میں رکھ دیا اور اپنی صورت دکھا دی اور لڑکے کے سامنے ہنستا ہوا کھڑا ہو گیا۔ تب لڑکے نے ماں کی بات کو سمجھا۔ تب سے وہ لڑکا کاغذ کے چہروں سے کبھی نہیں ڈرتا تھا۔

اس طرح اُن لوگوں کو جن کو پرماتما کا گیان ہو جاتا ہے مایا کا ڈر نہیں رہتا۔

۵۔ بھگتی اور پریم (نارد اور بھگت)

ایک مرتبہ نارد مُنی غرور میں آکر سوچنے لگے "میرے برابر ایشور کا کوئی پریمی بھگت نہیں ہے" ایشور انتریامی ہیں اُن سے کوئی بات چھپ نہیں سکتی۔

[۱] پانی [۲] پپیہا۔

ایک دن ایسا اتفاق ہؤا کہ نارد اپنے دوست کے ساتھ سَیر کو نکلے۔ دیکھتے کیا ہیں کہ ایک ویشنو کمر سے تلوار لٹکائے کھڑا ہے۔ نارد کو تعجب معلوم ہؤا۔ دوست سے پوچھا" یہ شخص ظاہرا ویشنو ہے۔ ویشنو کسی کو نہیں مارتے۔ نہ ہنسا کرتے ہیں۔ پھر یہ تلوار کیسی؟" دوست نے جواب دیا" اسی سے پوچھو"! نارد اُس سے مخاطب ہو کر بولے" کیوں بھگت جی! آپ ویشنو ہو۔ اس تلوار سے کیا مطلب؟" اُس نے جواب دیا۔ یہ تلوار تین بدمعاشوں کے مارنے کے لئے ہے۔ اگر وہ مل جائیں تو اس سے قتل کروں گا۔ نارد نے پوچھا "وہ بدمعاش کون ہیں؟" اُس نے جواب دیا" ایک ارجن ہے جس نے سری کرشن جی سے لڑائی میں رتھ ہنکوایا تھا۔ نارد بولے۔ دوسرا کون ہے؟" اُس نے کہا دوسری چڑیل دروپدی ہے۔ جس نے سری کرشن کو اپنا جھوٹھا کھلایا تھا" نارد جی نے پوچھا" تیسرا کون ہے؟" بھگت نے تیوری چڑھا کر کہا" تیسرا ہتیارا نارد ہے۔ وہ ملے تو سب سے پہلے اُسی کو ماروں" نارد جی نے کہا" یہ کیوں؟" جواب دیا گیا۔ کمبخت نارد رات دن بین بجاتا ہوا رام رام کرتا رہتا ہے۔ بھگوان کو بنتی پرارتھنا سُناتا ہی رہتا ہے۔ ذرا دم نہیں لینے دیتا۔ نہ آرام کرنے دیتا ہے۔ اس پاپی کو بھگوان

کے آرام کا ذرا خیال نہیں اور پھر اس بے حیا کو غرور بھی ہے۔ کہ میرے جیسا کوئی بھگت نہیں۔ وہ اتنا بھی نہیں جانتا کہ غرور اور بھگتی اک ساتھ نہیں رہ سکتے ۔
نارد کا غرور اسی وقت دور ہو گیا ۔

۶۔ دنیا خواب کی طرح ہے۔

ایک آدمی جس کے پاس کچھ کام نہیں تھا۔ اس کی عورت روز دھمکا کر کہتی کہ "تو خالی کیوں بیٹھا رہتا ہے کوئی نوکری چاکری کیوں نہیں کرتا" ایک دن جب اس کا لڑکا بہت بیمار تھا۔ وہ گھر سے محنت مزدوری کی تلاش میں نکلا۔ اس عرصے میں اس کا لڑکا مر گیا تب لوگ اس کو ڈھونڈھنے لگے مگر کہیں پتہ نہ لگا۔ شام کو وہ گھر آیا اور اس کی عورت نے دھمکا کر اس کو کہا۔ کہ "تو کیسا سنگ دل ہے۔ مرتے ہوئے لڑکے کو چھوڑ کر تو گھر سے چلا گیا" اس آدمی نے جواب دیا۔ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے سات لڑکے ہیں۔ اور میں ان کے ساتھ خوشی سے رہتا تھا۔ مگر جب میں نیند سے جاگ اٹھا تو وہ نرا خواب معلوم ہوا۔ اس لئے میں نے اپنے سات لڑکوں کے مرنے ذرا بھی دکھ نہیں مانا۔ اب میں ایک لڑکے کے لئے کیوں روؤں ۔

۷۔ دُنیا میں اپنا کوئی نہیں ہے (براہمن اور سنیاسی)

ایک سنیاسی کو ایک براہمن ملا۔ دونو دھرم اور سنسار کے مضمون پر دیر تک بحث کرتے رہے۔ سنیاسی نے براہمن سے کہا۔ "بیٹا! دیکھ اس دنیا میں کوئی اپنا نہیں ہے" براہمن کو اس بات پر یقین نہیں آیا۔ اس کو خیال تھا۔ "میرے خاندان کے سب لوگ مجھ کو دل سے پیار کرتے ہونگے۔ کیونکہ میں رات دن اُن کو محنت کرکے کھلاتا پلاتا رہتا ہوں۔ وہ مجھ کو کبھی نہ چھوڑینگے" اُس نے سنیاسی سے کہا "جب کبھی میرے سر میں درد بھی ہوتا ہے تو میری ماں اور استری کو سخت فکر ہو جاتی ہے۔ وہ رات دن میرے عیش و آرام کی فکر میں رہتی ہے۔ میں کیسے کہوں وہ میرا ساتھ نہ دینگی" سنیاسی نے کہا "یہ تمہاری غلطی ہے۔ ایسا کبھی نہ ہوگا۔ اگر تم کو میری بات کا یقین نہ ہو تو ابھی گھر جاؤ اور بڑے درد کے ساتھ بہانہ کرکے چلاّنے لگو۔ میں آکر تم کو تماشہ دکھلا دوں گا" براہمن نے منظور کر لیا۔ گھر پر آکر اس قدر زمین آسمان کو سر پر اُٹھا لیا جس کا کوئی حدّ حساب نہیں۔ کتنے ڈاکٹر اور وید آئے کسی سے علاج نہیں ہوا۔ اس کی ماں دُکھ سے

سسک رہی تھی اور استری و بچے سب چلّا رہے تھے
اتنے میں وہ سنیاسی بھی آ پہنچا۔ اُس نے اس کے گھر
والوں سے کہا۔ مرض لا علاج ہے۔ کوئی آرام
نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر اس کے لئے تم میں سے
کوئی اپنی جان دینا گوارا کرے تو میں اُس کا خون
اس کے جسم میں ڈال دوں یہ جی جائیگا۔ اور وہ
مر جائیگا۔ اس بات کو سُن کر سب ڈر گئے۔ سنیاسی
نے ماں سے کہا ”ماتا! تو بوڑھی ہے۔ تیرے مرنے
سے اس کی جان بچتی ہے۔ یہ خاندان کو پالتا ہے
تو مرنے پر راضی ہو جا“ بڈھی نے کہا۔ ”یہ میرا بیٹا
مجھکو سب سے پیارا ہے۔ مگر ان چھوٹے لڑکوں
کو کیا کروں؟ ورنہ ضرور مرنا قبول کر لیتی۔ میں
بڑی بد نصیب ہوں۔ بیٹا مر رہا ہے اور میں
نہیں بچا سکتی۔ زندہ ہوں“ سنیاسی نے اُس کی
عورت سے کہا ”دیوی! تو ہی اپنی جان اس کے
لئے دے دے“ وہ بولی۔ ”ہائے میں سب کچھ
کرنے کو تیار ہوں۔ مگر اپنے باپ کو کیسے دُکھی
کروں“ +

براہمن ان سب کے بہانہ کی باتیں سُن رہا تھا۔
سنیاسی بولا ”دیکھ اب تجھ کو سمجھ آئی کہ نہیں“ براہمن
کو اُسی وقت ویراگ ہو گیا +

تو مت جانے باورے۔ میرا ہے سب کوئے
پنڈ پران سے بندہ رہا یہ نہیں اپنا ہوئے

۸۔ ویراگ (ویراگ کیسے آتا ہے)

ایک استری نے اپنے مرد سے کہا "مجھ کو اپنے بھائی کی سخت فکر ہے۔ وہ آٹھ سات دن سے ویراگی ہونے کی فکر میں ہے اور اپنی خواہشوں کو چھوڑتا چلا جا رہا ہے[1]" مرد نے کہا "ناداں عورت یہ تیری خام خیالی ہے۔ وہ کبھی سنیاسی نہ ہوگا۔ جن میں پس و پیش و فکر کی عادت ہے وہ سنیاسی نہیں ہوتے۔ عورت نے پوچھا۔ "سنیاسی کیسے ہوتے ہیں؟" مرد نے کہا "دیکھ اس طرح لوگ سنیاسی ہوتے ہیں" اور اُس نے اُسی وقت کمر سے ایک لنگوٹہ لگا کر کہا "آج سے تو اور ساری استریاں میری ماں ہیں۔ میں سنیاسی بن گیا" اور اسی وقت گھر سے باہر نکل کھڑا ہوا۔

آج کہے میں کال بھجوں گا کال کہے پھر کال
آج کال کے بیچ میں اوسر[2] جات[3] سے چال
لینا ہو سو جلد لے کہی سُنی مت مان
کہی سُنی جُگ جُگ چلے۔ آسا مانہہ نندہان

[1] جسم کے موقع سے چلا جا رہا ہے۔

۹۔ سنیاس (استری پورش سنیاسی)

ایک مرد و عورت دونو ساتھ ہی سنیاسی ہو گئے اور ساتھ ہی تیرتھ یاترا کرنے لگے۔ ایک دن جب وہ راہ میں چلے جاتے تھے۔ مرد عورت سے کچھ دور پہلے نکل گیا تھا۔ ایک چمکتا ہوا ہیرا نظر پڑا۔ دل میں سمجھا۔ عورت پیچھے آ رہی ہے۔ ایسا نہ ہو لالچ میں آکر سنیاس کے دھرم کو ترک کر بیٹھے۔ زمین کو کھرچ کر اس نے اس کو مٹی سے ڈھانپ دیا۔ اتنے میں وہ عورت بھی آ پہنچی۔ پوچھا۔ "کیا کر رہے ہو؟" اس نے جواب دینے میں تامل کیا۔ عورت اس کے دل کی بات کو سمجھ گئی۔ کہنے لگی۔ "ابھی تک تم کو ہیرے اور مٹی میں فرق معلوم ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں تم نے سنیاس کیوں دھارن کیا؟"

گھر میں رہے تو بھگتی کرے۔ نا تر کرے ویراگ
ویراگی بندھن کرے۔ تاکا بڑا ابھاگ

۱۰۔ ٹھگ ویدانتی (گائے اور براہمن)

ایک براہمن نے ایک باغ لگایا۔ اور رات دن مصروف رہ کر اس کی درستی کرائی۔ ایک دن ایک

گائے اس باغ میں گھس آئی۔ اور آم کے ایک درخت کو کھا گئی۔ جس کو اُس براہمن نے بڑی محنت سے لگایا تھا۔ اس پر برہمن کو غصہ آیا۔ اور اُس کو اتنا مارا کہ وہ مر گئی۔ براہمن ویدانتی تھا۔ اور ویدانت کا دم بھرتا تھا۔ جب اُس سے لوگ کہتے "تو نے بڑا پاپ کیا۔ گئو ہتیا کر ڈالی" تو وہ جواب دیتا۔ "میں نے کچھ نہیں کیا جو کچھ کیا میرے ہاتھ نے کیا"۔ اندر لوک میں بیٹھے بیٹھے اندر دیوتا نے اس کی بات سُنی۔ اور ایک بوڑھے براہمن کا روپ بنا کر اس براہمن کے پاس آیا۔ اور اُس سے پوچھنے لگا "یہ باغ کس کا ہے؟" اُس نے جواب دیا "میرا ہے"۔ تب دیوتا نے کہا "یہ باغ بہت اچھا ہے۔ اس میں بہت اچھی طرح قرینے کے ساتھ درخت لگے ہیں۔ مالی اس باغ کا ہوشیار معلوم ہوتا ہے"۔ اس پر براہمن نے کہا "یہ بھی سب میرا ہی کیا ہوا ہے۔ تمام دن باغ میں بیٹھا ہوا میں نوکروں سے کام لیا کرتا ہوں"۔ دیوتا نے کہا۔ "یہ سڑک کس نے بنائی؟ یہ بھی بہت اچھی بنی ہے"۔ براہمن نے کہا "یہ میرے ہی ہاتھ سے بنی ہے"۔ تب اندر نے ہاتھ باندھ کر کہا۔ اگر یہ سب تمہارے ہی کرنے سے ہوا ہے تو گائے مارنے کا پاپ میرے سر کیوں منڈھتے ہو؟"

گیانی مول گنوائے کر بوجھے سار نہ سار
یا تے سنساری بھلا جو سدا بھجے کرتار

۱۱- جہالت (کنوئیں کا مینڈک)

ایک مینڈک کنوئیں میں رہتا تھا۔ وہ وہیں پیدا ہوُا۔ وہیں بڑا ہوا۔ وہیں پرورش پائی۔ وہاں سے کہیں نہ گیا +

ایک دن کسی سمندر کا مینڈک وہاں آ گیا۔ اُس نے پوچھا۔ سمندر کتنا بڑا ہے؟ سمندر کے مینڈک نے جواب دیا۔" بہت بڑا ہے"۔ کنوئیں کے مینڈک نے ٹانگوں کو پھیلا کر چھلانگ ماری "کیا اتنا بڑا ہے؟" اس نے جواب دیا۔" اس وسعت سے سمندر کی چوڑائی کی نسبت کیا ہے؟ " اُس کی چوڑائی تیری سمجھ میں بھی نہیں آ سکتی"۔ کنوئیں کے مینڈک نے کہا" تو بالکل جھوٹا ہے۔ بھلا وہ اس سے کیا بڑا ہو سکے گا۔ ایسی کوئی چیز ہی نہیں ہے جو اس کنوئیں سے بڑی ہو سکے!"

یہی حالت جاہلوں کی ہے۔ جنہوں نے کچھ نہیں دیکھا اور سمجھتے ہیں ہم نے سب کچھ دیکھ لیا ہے۔ دنیا میں جو کچھ ہے سب ہماری نگاہ میں آ گیا ہے +

مورکھ کے سمجھاوتے ۔گیان ہردے سے جائے
کاگا ہنس نہ ہوگا ۔ چاہے سو من صابن لائے[1]

۱۲۔جھوٹا غرور (ایک مغرور بھنڈاری)

کسی دولت مند آدمی کے پاس ایک بھنڈاری تھا ۔ جس کے پاس اُس کے مالک کی کُل جائداد و املاک تھی ۔ جب کبھی کوئی اُس سے پوچھتا کہ یہ مال کس کا ہے تو وہ فوراً جواب دے دیتا تھا ۔ یہ میرا ہے ۔ گھر ۔باغ ۔ مال ۔ اسباب سب کچھ میرا ہے ۔ اور غرور سے کچھ اس طرح اکڑ کر چلتا تھا کہ دیکھنے والوں کو بُرا لگتا تھا ۔ ایک دن اُس نے اپنے مالک کے باغ کے تالاب سے ایک مچھلی پکڑ لی ۔ مالک نے منع کر رکھا تھا کہ کو شخص اس تالاب کی مچھلی نہ مارے ۔ اتفاق سے جب وہ مچھلی پکڑ رہا تھا ۔ اُس کا مالک بھی کہیں سے آ پہنچا ۔ اور جب اُس نے بھنڈاری کو چوری کرتے دیکھ لیا تو اُس کو نوکری سے علیحدہ کر دیا ۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ سخت ذلیل کر کے اس کی جائداد وغیرہ کو بھی چھین لیا ۔ اور گھر سے باہر نکالدیا ۔

یہی حالت اُن لوگوں کی ہے جو اپنے کو ایشور

[1] لگاؤ ۔

کا بندہ نہیں سمجھتا اور اُس کی دی ہوئی نعمت کو اُس کی نہیں بلکہ اپنی کہتا ہے۔ اس قسم کے آدمی کی بھی ایسی ہی سزا ہوتی ہے ۔

مجھ میں اتنی سکت کہاں ۔ گاؤں گلا پسار
بندے کو اتنی بہت ۔ پڑا رہے دربار

۱۳۔ سنسار میں ڈوبے ہوئے لوگ (ہری کا باپ)

ایک آدمی یہ کہا کرتا تھا ۔ کہ جب میرا لڑکا ہری بڑا ہو جائیگا اور اُس کا بیاہ ہو جائے گا تو میں اس کو اپنے سارے کٹمب کا کام سپرد کر کے سنسار کو چھوڑ کر یوگا بھیاس کرونگا ۔ بھگوان رام کرشن نے یہ بات سُنی ۔ کہنے لگے " تم کو کبھی یوگا بھیاس کا موقع نہ ملے گا ۔ پھر تم یہ کہوگے کہ ہری اور گری سے میرا بڑا پریم ہے ۔ اور وہ مجھ کو نہیں چھوڑتے ۔ اور پھر یہ کہوگے کہ ہری کا بیاہ بھی ہو جاتا اور لڑکا ہو جاتا ۔ اور اُس لڑکے کا بیاہ ہو جاتا تو سنسار چھوڑتا وغیرہ وغیرہ ۔

پاؤ پلک کی سدھ نہیں کرے کال کا ساج
کال اچانک مارسی ۔ جیوں تیتر کو باج

۱۴۔ سِدّھی (پانی پر چلنے کی طاقت)

ایک آدمی نے چودہ برس جنگل میں رہ کر تپسیا کی۔ اُس کا نتیجہ یہ ہوُا کہ اُس میں پانی پر چلنے کی سِدّھی آ گئی۔ اِس سِدّھی سے وہ بہت خوش ہوُا اور اپنے گورو کے پاس جا کر کہنے لگا۔ کہ "گورو جی! گورو جی! مجھ کو پانی پر چلنے کی سِدّھی مل گئی"۔ گورو نے اس سے کہا۔ "بیٹا! کیا چودہ برس کی تپسیا کا یہی پھل ہے؟ اگر غور سے دیکھا جائے تو تجھ کو صرف ایک پیسہ ملا ہے۔ کیونکہ تو ایک پیسہ ملاح کو دے کر دریا کے پار اُتر سکتا ہے"۔

افسوس! انسان اپنی ریاضت اور تپ کا کیا بُرا پھل چاہتا ہے!

رِدّہ سِدّہ مانگوں نہیں۔ مانگوں تم سے ایہہ
نِسدن درشن آپنا کہیں کبیر موہی دیہہ

۱۵۔ملین باسنا (مچھواہے کی عورت)

ایک مچھواہے کی عورت مچھلی بیچ کر بازار سے گھر کو آ رہی تھی۔ راہ میں شام ہو گئی۔ سُورج ڈوب گیا۔ رات کو وہ کسی مالی کے گھر ٹھیر گئی

مالی نے اُس کی جہاں تک ہو سکا خاطر داری کی
مگر مچھوا ہے کی عورت کو نیند نہ آئی۔ آخر کار نیند
نہ آنے کا سبب یہ معلوم ہُوا کہ وہاں پھولوں کی
ایک ٹوکری رکھی ہوئی تھی۔ اور پھولوں کی خوشبو
سے اس کی نیند ہرن ہو گئی۔ یہ معلوم کر کے
اُس نے مچھلی کے ٹوکرے پر پانی چھڑکا اور اسی
پانی کو ناک پر لگایا تاکہ مچھلی کی بو آتی رہے
اس عمل کے کرنے سے اس کو نیند آ گئی ؁

اسی طرح جن کو سنسار بدھی ہے جب تک وہ
ملین اوستھا میں نہ رہیں اُن کو چین نہیں آتا۔ سچ ہے
نیم کا کیڑا نیم میں سُکھی رہتا ہے ؁

۱۶ سنساری آدمی اور سمادھی (دنیا دار اور لذت نفسانی)

شری پرم ہنس رام کرشن جی کے پاس ایک اُن
کا دنیا دار شاگرد گیا اور کہنے لگا" مہاراج! مجھ کو
سمادھی دکھلا دیجئے" پرم ہنس جی نے اپنے یوگ
بل سے اُس کو سمادھی کی حالت میں کر دیا۔ اُس
کے دوست گھبرا گئے۔ پرم ہنس جی کے پاس اُٹھا
لائے۔ جُوں ہی اُنہوں نے چھو لیا اُس کی سمادھی
ٹوٹ گئی۔ جب وہ ہوش میں آیا کہنے لگا" مہاراج
میرے بال بچے بھی ہیں اور دھن بھی ہے۔ مَیں

سمادھی کو لیکر کیا کرونگا "

سچ ہے جس کی نگاہ بلند نہیں ہے وہ اونچی چیز کی قدر نہیں کر سکتا +

۱۷۔ قول و فعل یکساں ہو (سادھو اور مریض لڑکا)

ایک آدمی اپنے مریض لڑکے کو کندھے پر اٹھا کر ایک سادھو کے پاس لایا اور علاج کی درخواست کی۔ سادھو نے حالات دریافت کرنے کے بعد کہا۔ "اس لڑکے کو کل لے آنا" دوسرے دن وہ پھر لڑکے کو لایا۔ تب سادھو نے کہا "آج سے لڑکے کو مٹھائی نہ کھلانا۔ آج ہی سے وہ خود بخود اچھا ہو جائیگا" اُس آدمی نے کہا "باباجی تم نے یہی بات کل کیوں نہ کہی؟" سادھو بولا "کل میں کہہ تو سکتا تھا لیکن کل میرے سامنے مصری کا کوزہ رکھا ہُوا تھا۔ لڑکا یہ بات سُن کر کہتا۔ دیکھو باباجی خود تو مصری کھاتے ہیں اور مجھ کو مٹھائی کھانے سے روکتے ہیں کپٹی اور فریبی ہیں۔ میری بات کا اثر نہ ہوتا "

جو شخص کوئی بُرا کام دوسروں سے چھڑانا چاہے تو اُس کو چاہیئے کہ بھی ویسا بنے۔ ورنہ اُس کی نصیحت کا اثر نہ ہوگا +

جیر مکھ سے نیکسے۔ تیسی چاسے نا نہہ

مانس نہیں اوہ سوان گت باندھے جم پور جانہہ

۱۸- کٹڑپنا بُرا ہے (گھنٹہ کرن)

تعصب اچھا نہیں۔ آدمی کو وسیع خیال والا بننا چاہیئے ٭

کہتے ہیں شیو جی کا ایک بھگت تھا۔ بر شیو کو مانتا تھا مگر اور کسی کو کچھ نہیں سمجھتا تھا۔ ایک دن شیو جی نے اس کو درشن دے کر کہا "اگر تو کٹڑپنا کرے گا تو مَیں راضی نہ ہونگا۔ یہ سُن کر گھنٹہ کرن چپ ہو گیا۔ اس کے پیچھے شیو جی نے پھر درشن دیا مگر آدھا جسم شیو کا اور آدھا وشنو کا تھا۔ اس کو دیکھکر بھگت آدھا خوش اور آدھا ناخوش ہوا۔ شیو کے روپ کا تو درشن کیا مگر وشنو کی طرف نظر بھی اُٹھا کر نہیں دیکھا۔ اس بات کو دیکھ کر شیو جی بولے "تو متعصب ہے۔ میں نے یہ روپ اس واسطے دھارن کیا تا کہ تو سمجھ سکے کہ جتنے دیوی دیوتا ہیں۔ سب میرے ہی روپ ہیں مگر تو نہیں سمجھا میری بیعزتی کی۔ اُس کا بُرا پھل ملیگا" اس واقعہ کے بعد وہ شخص ایک گاؤں میں آیا۔ لوگ اُس کو وشنو کا مخالف سمجھ کر چڑھانے کے لئے وشنو وشنو کہنے لگے۔ اُس نے اپنے دونو کانوں میں گھنٹے لٹکا لئے

تاکہ اُن کی بات کان میں نہ سمائے۔ اس لئے اِس کا نام ہی گھمنڈ کرن پڑ گیا +

انسان کو متعصب نہ بننا چاہیئے۔ سمجھ بوجھ اور تمیز سے کام لینا چاہیئے +

گور پشو۔ نر پشو۔ تریا پشو۔ وید پشو سنسار مانش سوئی جانئے۔ جاہی بویک وچار۔

۱۹۔ نقل کرنے کا نتیجہ (چور)

ایک چور رات کے وقت کسی راجہ کے محل میں چوری کرنے گیا اور اس نے راجہ کو اپنی رانی سے یہ کہتے ہوئے سُنا کہ میں اپنی لڑکی کا بیاہ کسی سادھو سے کرونگا۔ چور یہ سُن کر سوچنے لگا "یہ موقع بہت اچھا ہے۔ کل ہی سادھو کا بھیس بنا لو۔ شاید راجہ میرے ہی ساتھ اپنی لڑکی کی شادی کر دے" دوسرے دن صبح اُٹھتے ہی اس نے ایسا کیا۔ اتنے میں راجہ کے نوکر سادھوؤں کے پاس آئے اور بولے "راجہ اپنی لڑکی ایک سادھو کے ساتھ بیاہنا چاہتا ہے۔ اگر آپ میں سے کوئی راضی ہوں تو ہم راجہ سے کہیں" سادھوؤں میں سے کسی نے رضامندی ظاہر نہیں کی۔ آخر وہ اُس چور کے پاس آئے جو مصنوعی سادھو بن بیٹھا تھا

چور چُپ چاپ رہا۔ کچھ نہ بولا۔ راجہ کے نوکر واپس گئے۔ کہا "کوئی سادھو راضی نہیں۔ صرف ایک جوان سادھو ہے کیا عجب وہ راضی ہو جائے" راجہ مجبور ہو کر اُس کے پاس گیا۔ اور کہا۔ "اگر آپ میری لڑکی کے ساتھ شادی کر لیں تو بڑی کرپا ہوگی" چور نے اپنے دل میں سوچا "دیکھو۔ بناوٹی سادھو ہونے کا یہ پھل ملا۔ کہ راجہ میرے پاس خود چلا آیا۔ اور ہاتھ باندھکر میری منّت کر رہا ہے۔ اگر میں سچا سادھو ہو جاؤں تو کتنا بھلا ہوگا" یہ سوچکر وہ شادی کے بدلے اپنے من کی سُدھار کرنے لگ گیا اور آخر کچھ وقت گزرنے کے بعد وہ اچھا سادھو بن گیا ✤

کبھی کبھی اچھی بات کی نقل کرنے سے بھی اچھا پھل مل جاتا ہے ✤

۲۰۔ لالچ (حجّام اور سات گھڑے)

ایک حجّام ایک درخت کے تلے سے ہو کر کہیں جا رہا تھا۔ اتنے میں یہ آواز آئی "کیا سونے سے بھرے ہوئے سات گھڑے تو لیگا؟" حجّام نے چاروں طرف نگاہ کی۔ کوئی آدمی نظر نہیں آیا۔ مگر سونے کے سات گھڑوں کا نام سُنکر لالچ سے

اُس کے مُنہ میں پانی بھر آیا۔ اُس نے زور سے چلّا کر کہا "ہاں میں ساتوں گھڑوں کو لونگا"! اتنے میں پھر آواز آئی "تو اپنے گھر جا۔ سونے کے سات گھڑے میں نے تیرے گھر پہنچا دئے" وہ اپنے گھر واپس آیا۔ گھڑے وہاں موجود تھے۔ اس کو سخت تعجب ہوُا۔ چھ گھڑے تو خوب سونے سے بھرے تھے۔ ساتواں صرف آدھا بھرا ہوُا تھا۔ یہ دیکھ کر حجام کو فکر ہوئی۔ "اگر یہ بھی بھر جاتا تو کتنی اچھی بات ہوتی" اس کے پاس جتنے روپے اور چاندی سونے کے زیور تھے سب کو فروخت کرکے اشرفیاں خریدیں اور اس گھڑے میں ڈال دیا۔ مگر گھڑا نہیں بھرا۔ حجام راجہ کے یہاں ملازم تھا۔ اور راجہ اس سے خوش تھا۔ اُس نے راجہ سے منّت کرکے کہا میرا خرچ نہیں چلتا۔ تنخواہ بڑھا دیجئے اور راجہ نے اُس کی تنخواہ دونی کر دی یہ سب روپیہ اُس گھڑے میں جانے لگا۔ مگر گھڑا پھر بھی نہیں بھرا۔ اس کے بعد نائی گھر گھر بھیک مانگنے لگا۔ جو کچھ ملتا اشرفیاں مول لے کر گھڑے میں بھرتا مگر وہ گھڑا پھر بھی نہیں بھرا۔ ایک دن اس راجہ نے حجّام کو فکر مند دیکھ کر کہا۔ تو اتنا دُکھی اور اُداس کیوں رہتا ہے؟ جب تیری تنخواہ

آدھی تھی تب تو خوش تھا۔ جب سے تنخواہ بڑھی ہے تو زیادہ پریشان ہو گیا۔ کہیں تجھ کو سات گھڑے تو نہیں مل گئے؟ یہ بات سن کر حجام متعجب ہوا بولا "مہاراج! آپ سے کس نے یہ بات کہی؟" راجہ بولا "تو نہیں جانتا۔ یہ علامات اُسی شخص کے ہوتے جسکو شیطان اپنے سات گھڑے دے دیتا ہے۔ مجھ سے بھی شیطان نے ایک دن کہا تھا۔ کہ سات گھڑے لے لے۔ میں نے پوچھا خرچ کے لئے ہیں یا جمع کرنے کو؟ جب شیطان نے یہ بات سُنی خاموش ہو گیا۔ اور بھاگ گیا۔ تو یہ نہیں جانتا کہ کوئی اُس دولت کو خرچ نہیں کر سکتا اُن کو پا کر صرف جمع کرنے کی ہوس بڑھتی ہے بہتر ہے تو اُن کو پھینک آ۔ نہیں تو سخت دُکھی ہو گا۔

لالچ بُری بلا ہے۔ جنہوں نے دولت کما کے خرچ کرنا نہیں سیکھا۔ اُن کی یہی حالت ہوتی ہے ایسے روپے سے کنگال رہنا اچھا ہے۔ کیونکہ آدمی فضول نرک گامی ہوتا ہے۔

کبیر مایا موہنی دو پھل کی داتار!
کھاں خرچن مکمت گئے سنچت نرکس دوار

۲۱ - جھوٹا ورکت (جورو کا غلام)

ایک دن آجکل کی طرح نئی روشنی والا ایک آدمی گرہتی رہ کر ورکت پنے کی باتیں کر رہا تھا - اُسکی بات کو سُن کر بھگوان رام کرشن جی نے کہا "تم نہیں جانتے - آج کل کے گرہتی اور ورکت کیسے ہوتے ہیں وہ دھن کو اپنے پاس نہیں رکھتے - جو کچھ کماتے ہیں سب جورو کو دے دیتے ہیں - اور کہتے ہیں - ہم کو روپیہ سے کچھ مطلب نہیں - مطلب روپیہ سے کیوں ہوگا ؟ کام کاج سارے گھر کا جورو کے سپرد ہے - اور جمع خرچ بھی اُسی کے ہاتھ سے ہوتا ہے "

ایک دن کوئی براہمن ایسے مصنوعی ورکت کے پاس مانگنے آیا - گرہتی ورکت نے کہا "میں پیسے کو کبھی نہیں چھوتا - کیوں مجھ کو دق کر کے وقت خراب کرتا ہے - برہمن نے اُس کی کچھ نہ سُنی اور ویسا ہی کھڑا رہا - یہ سوچ کر گرہستی ورکت نے خیال کیا "اس کو ایک روپیہ دے دینا چاہیئے - اُس سے کہا کل آنا - اگر ہو تو سکا کل کچھ دے دونگا "

براہمن یہ سُن کر چلا گیا - گرہتی ورکت نے اپنی جورو سے کہا - یہ براہمن بڑا دُکھی ہے - اس کو ایک روپیہ دے دو - جورو جھنجھلائی - تم بڑے دانی بن گئے ہو

روپیہ نہ ہوا کنکر پتھر ہوا ۔ جہاں چاہو وہاں بغیر سوچے سمجھے پھینک دو" اس نے بہت منت کی ۔ تب جورو نے کہا ۔ اچھا ایک دوانی لینا ہو تو لو ۔ اور اُس براہمن کو دو" بیچارے کیا کرتے چپ چاپ کان دبا کر لے لیا ۔ جب براہمن آیا تو اُس کو صرف دو آنے ہی ملے ۔ گرہستی ورکت ایسے ہوتے ہیں ؂

جگت میں بھگت کہاوئی ۔ چوکٹ چون نہیں دیئے
سکھ جورُو کا ہو رہا ۔ نام گورو کا لیئے

۲۲ ۔ چیلا (ایک بزاز اور اس کا گورو)

ایک بزاز کسی غریب براہمن کا چیلا تھا ۔ وہ بڑا کنجوُس تھا ۔ ایک دن براہمن کو اپنی پوتھی باندھنے کے لئے کچھ کپڑے کی ضرورت ہوئی ۔ چیلے کے پاس جاکر ایک ٹکڑا گاڑھے گزی کا مانگا ۔ بزاز بولا "مہاراج اگر ذرا پہلے آپ نے کہا ہوتا تو میں ضرور کپڑے کا انتظام کر دیتا ۔ اس وقت کچھ نہیں ہو سکتا ۔ پھر کبھی کبھی آکر مجھ کو یاد دلاتے رہنا" براہمن نااُمید ہو کر چلا گیا ۔ بزاز کی عورت پردے کے اندر بیٹھی ہوئی یہ سب سُن رہی تھی ۔ اس نے اس کو نوکر سے بلوا کر سارا ماجرا سنا اور کہا "کل صبح میں آپ کو کپڑا بھیج دونگی"

رات کے وقت جب بزاز گھر آیا تو عورت نے کہا "کیا دوکان بند کر دی؟ اُس نے کہا "ہاں بند کر دی۔ مگر تم کیوں ایسا پوچھتی ہو؟" عورت نے کہا۔ ابھی دُکان پر جاؤ اور اچھے سے اچھے دو ٹکڑے کپڑے کے لے آؤ" بزاز نے کہا "اس بات کی جلدی کیا ہے؟ میں اچھے سے اچھے ٹکڑے تم کو کل صبح لا دونگا" عورت نے کہا ذرا ہوش کی دوا کرو۔ ضرورت تو اس وقت ہے کل لیکر میں کیا کرونگی" بزاز نے سخت پیچ‌وتاب کھایا۔ سیدھا سادا براہمن دھرم گورو نہیں تھا جو بہانہ سُنکر چلا جاتا۔ یہاں تو کسی زبردست گورو سے کام پڑا تھا ڈر گیا کہیں گھر میں جھگڑا نہ ہو جائے۔ چُپ چاپ دُم دبا کر آدھی رات کو دکان پر آیا اور وہاں سے کپڑا لایا دوسرے دن صبح کو اُس عورت نے گورو جی کے پاس کپڑے بھیجدئے اور نوکر سے کہلا بھیجا۔ "جب کبھی کسی بات کی ضرورت ہو تو مجھ سے کہلا دیا کیجئے۔ میں نذر کیا کرونگی"

سنساری دھرم کے گورو کی ایسی عزت کرتے ہیں۔ مگر جب گھر کے زبردست گورو سے کام پڑتا ہے تو اس طرح منہ کی کھانی پڑتی ہے۔

۲۳ - دھیان (سادھو اور شکاری)

ایک سادھو نے دیکھا کہ کسی شخص کی برات بڑے تزک و احتشام سے نکل رہی ہے۔ سڑک پر تل رکھنے کی جگہ نہیں ہے۔ سڑک کے قریب ایک شکاری گولیلوں کو لئے ہوئے چڑیوں پر نشانہ جما رہا تھا۔ اس کا دھیان کچھ ایسا جم گیا تھا کہ بارات کے آنے جانے کی اس کو کچھ خبر تک نہیں ہوئی۔ نہ باجے کی آواز کو سُنا۔ نہ بارات کا جلوس دیکھا۔ سادھو نے کہا۔ "تم میرے گورو ہو۔ جیسا تمہارا دھیان ہے ویسا ہی میرا دھیان بھی ایشور میں لگے"۔

۲۴ - دھیان (سادھو اور مچھلی پکڑنے والا)

ایک آدمی تالاب میں بنسی لگائے ہوئے مچھلی کی تاک میں بیٹھا ہوا تھا۔ ایک سادھو اُدھر سے گزرا۔ پوچھا "بھائی اس جگہ کا راستہ کون ہے؟" آدمی نے کچھ جواب نہیں دیا۔ کیونکہ اُس نے بنسی کی طرف نظر جمائی تھی۔ جب مچھلی پکڑ چکا۔ سادھو پر نگاہ گئی۔ تب سادھو کے دوبارہ پوچھنے پر راستہ کا پتہ بتایا۔ سادھو بولا "تم میرے گورو ہو۔ ایشور کرے میرا بھی دھیان ایسا ہو کہ جب پرماتما کا دھیان

کروں ۔ دوسرا کوئی خیال پاس نہ آنے پاوے"

۲۵۔ ایشور کی کرپا (جپ کرنے والا)

ایک آدمی کو جپ کرتے ہوئے رام کرشن جی نے کہا "ایک ہی جگہ کیوں بیٹھا رہتا ہے ۔ اور کہیں کسی جگہ کیوں نہیں جاتا ہے" اس نے جواب دیا "بغیر ایشور کی مہربانی کے کچھ ہو نہیں سکتا ہے" اس پر پرم ہنس جی نے کہا ۔ ایشور کی مہربانی کی ہوا ہر وقت بہتی رہتی ہے ۔ اگر تو چاہتا ہے کہ بھوساگر سے پار ہو جائے تو اپنی کشتی کے پال کو کھول دے ۔ پرماتما کے دیا کی ہوا اس کو بہا لے جائے گی ۔"

اِس نصیحت کا مطلب یہ ہے کہ ایشور کی کرپا اُسی وقت پوری پوری آتی ہے جب آدمی اُس کے اوپر بھروسہ کرکے محنت کرے اور سوائے اُس کے کسی اور کا سہارا نہ لے ۔

۲۶۔ آگے بڑھتے جاؤ (لکڑی بیچنے والا اور سدھ)

ایک غریب لکڑی بیچنے والا جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتا تھا اور اُن کو شہر میں فروخت کرتا تھا ۔ اسکو دیکھکر ایک سدھ کو دیا آئی ۔ سدھ نے

اس سے کہا۔" دوست ایک ہی جگہ تم جنگل میں لکڑی
کاٹتے ہو آگے کیوں نہیں بڑھتے جاتے" لکڑی کاٹنے
والے نے سدھ کی بات مان دوسرے دن وہ آگے کی
طرف بڑھا۔ ایک چندن کا درخت ملا۔ اسکو فروخت
کرکے اس کو بہت نفع ہوا۔ اور اس کی حالت بدل
گئی۔ سدھ کی بات پھر اس کو یاد آئی۔ وہ پھر آگے
بڑھا۔ وہاں تانبے کی کان ملی۔ اس سے خاطرخواہ نفع
ملا۔ پھر اُس نے گورو کی بات یاد کرکے آگے کی
طرف قدم بڑھایا اور برابر بڑھتا گیا۔ اور آہستہ آہستہ
چاندی سونے اور قیمتی پتھروں کی کانیں اس کو ملتی
گئیں جن کے پانے سے وہ بڑا دولتمند ہو گیا +
یہی حالت ادھیاتم گیان کے متلاشیوں کی ہوتی ہے
اُن کی رات دن آگے بڑھنے کی دُھن ہونی چاہیئے۔
آگے بڑھنے سے اُن کو سب کچھ مل جاتا ہے +

۷۲۔ سنساریوں کا بھجن (نارد مُنی اور کسان)

ایک مرتبہ نارد منی کے من میں غرور پیدا ہوا
کہ میرے برابر دنیا میں کوئی ایشور کا بھگت نہیں
ہے۔ وشنو بھگوان نے اُن سے کہا" نارد تم فلاں
کسان کے پاس جاؤ۔ اس سے ملو وہ میرا بڑا بھگت
ہے" نارد جی اُس کے پاس گئے۔ دیکھا کہ وہ معمولی

کسان ہے جو صبح کے وقت پرمیشور کا نام لے کر
تمام دن ہل جوتتا تھا۔ اور شام کو جب تھک
جاتا تھا پھر ایشور کا نام لے کر سو جاتا تھا۔ نارد
نے اپنے من میں سوچا۔ یہ کسان کیسے بھگوان کا بھگت
ہو سکتا ہے؟ سارا دن یہ ہل جوتتا رہتا ہے۔ اس
میں ذرا بھی بھگتی کی نشانیاں نہیں ہیں۔ اس کو دیکھ
کر نارد وشنو کے پاس واپس گئے۔ وشنو بھگوان نے
پوچھا "تم نے اس کو کیسا پایا؟" نارد مناسب جواب
نہ دے سکے۔ تب بھگوان نے ایک کٹورا تیل
سے بھرا ہؤا اُن کو دیا۔ اور کہا "اس کو ہاتھ
میں لے کر تم فلاں جگہ جاؤ اور واپس آؤ۔ مگر اس
میں سے ایک بوند بھی زمین پر نہ گرے" نارد جی
نے ایسا ہی کیا۔ واپس آنے پر بھگوان نے پوچھا۔
"جب سے تم نے اس کٹورے کو ہاتھ میں لیا تھا اس
وقت سے اب تک کتنی دفعہ مجھ کو یاد کیا ہے؟
نارد نے جواب دیا "ایک دفعہ بھی نہیں کیونکہ میرا
سارا دھیان کٹورے پہ تھا۔ آپ کو کیسے یاد کرتا؟"
بھگوان نے کہا "نارد! دیکھو ایک تیل کے کٹورے کے
ہاتھ میں لینے سے تمہاری یہ حالت ہوئی کہ مجھکو ایک
دفعہ بھی یاد نہ کر سکے۔ بالکل بھول گئے۔ وہ کسان
اپنے تمام کنبے کا بوجھ اپنی گردن پر رکھتا ہے۔

پھر بھی صبح شام مجھ کو یاد کیا کرتا ہے " نارد جی چپ ہو گئے ۔

۲۸ - گورو اور منتر (مستول کی چڑیا)

ایک چڑیا جہاز کے مستول پر بیٹھائی گئی تھی ۔ جہاز سمندر میں جا رہا تھا ۔ جہاز کے چاروں طرف پانی تھا اور کوئی چیز اُس کو نہیں سوجھتی تھی ۔ جہاں وہ جاکر بیٹھتی ۔ چڑیا نے سوچا ۔ کہ " میں رات دن کیسے اس مستول پر اپنے دن کاٹوں ۔ کہیں کوئی ہرا پیڑ یا جنگل مل جاتا تو وہاں چلی جاتی اور رہتی ۔ جو ہو میں کوئی جگہ اپنے لئے ایسی ضرور تلاش کرونگی " یہ سوچ کر چڑیا اُڑی ۔ اور کوسوں تک پورب کی طرف سمندر میں گئی ۔ کہیں زمین کا پتہ نہ ملا ۔ اسی طرح پچھم ۔ اُتّر دکن کی طرف بھی کیفیت رہی ۔ کوسوں تک سہارے کا نام و نشان نہیں ملا ۔ نہ درخت یا جنگل دکھائی دیا ۔ جب وہ اُڑتے اُڑتے تھک گئی ۔ اور نا اُمید ہو گئی ۔ تب پھر اسی مستول کی چوٹی پر آکر بیٹھ گئی ۔ اُس نے ارادہ کر لیا " اب یہاں سے میں کہیں نہ جاؤنگی " اُس دن سے اُس میں شانتی آگئی اور سُکھ سے رہنے لگی ۔

اسی طرح سچے گورو کے منتر اُپدیش چیلے کے لئے

مفید ہوتے ہیں ۔ اُنہیں کے سہارے ہو کر شاگرد مایا کے بے حد و حساب لمبے چوڑے سمندر میں رہتا ہے ۔ اور اس کو یقین ہوتا جاتا ہے کہ سوائے گورو کے اُپدیش کے اور مجھکو بچانیوالا کوئی بھی نہیں ہے +

۲۹ ۔ دھیان

ایک سادھو نے دیکھا کہ ایک سارس آہستہ آہستہ مچھلی پکڑنے جا رہا ہے ۔ پیچھے شکاری کمان سے تیر جوڑے ہوئے اس کے مارنے کی فکر میں کھڑا ہے مگر سارس کا دھیان اس طرح مچھلی کی طرف ہے ۔ کہ اس کو شکاری کی خبر تک نہیں ۔ سادھو نے یہ حالت دیکھکر کہا ۔ تجھ کو نمسکار ہے ۔ جب میں ایشور پر دھیان کروں یہی حالت میری بھی ہو +

۳۰ ۔ ایک سادھو اور کانچ کا قلم

ایک سادھو کانچ کے قلم کو رات دن دیکھ کر ہنستا رہتا تھا ۔ کسی نے اُن سے پوچھا کہ بابا جی! آپ اس قلم کو کیوں دیکھ کر ہنستے ہیں ؟ اُس نے جواب دیا "اُس قلم میں مختلف قسم کے رنگ ہیں ۔ نیلے ۔ پیلے ۔ زرد جیسے یہ رنگ جھوٹے ہیں ویسے ہی یہ سنسار بھی جھوٹا ہے ۔ گو ان رنگوں کیطرح وہ

سچا نظر آتا ہے *

۳۱۔ ایشور کے بھجن کا پھل (آم کے باغ میں دو آدمی)

دو آدمی آم کے باغ میں گئے۔ اُن میں سے وہ جو اپنے کو بہت ہوشیار سمجھتا تھا۔ باغ کے درختوں کو گننے لگا کہ ایک ایک درخت میں کتنے پھل لگے ہوئے ہیں۔ اور باغ کی قیمت کیا ہوگی؟ دُوسرا بیچارہ سیدھا سادا آدمی تھا باغ کے مالک سے جا کر ملا اور آم توڑ توڑ کر کھانے لگا۔ اب کہئے ان دونو میں سے کون اچھا تھا؟ آم کھاؤ گے تو پیٹ بھریگا درختوں کے گننے یا پھلوں کے شمار کرنے سے کیا لابھ ہوگا؟

سنساری لوگ ناحق دلیل و حُجّت بازی میں اپنا وقت ضائع کرتے ہیں۔ وہ لوگ اچھے ہیں جو ایشور بھگتی کی کمائی کر کے آنند بھوگتے ہیں *

نا سُکھ وِدیا کے پڑھے۔ نا سُکھ باد[1] بواد
سادھ سُکھی سہجو[2] کہیں لاگی سُن سمادھ

۳۲۔ گیانی اور بھگت میں فرق

ایک گیانی اور ایک بھگت جنگل میں چلے جا رہے تھے۔ راستے میں اُن کو ایک شیر ملا۔ گیانی بولا۔

[1] بحث مباحثہ [2] سہجو بائی *

"بھاگ کر گیا کرینگے۔ ایشور ہم کو ضرور بچاوے گا۔"
بھگت نے کہا۔ "نہیں بھائی! چلو بھاگ چلیں۔ جس کام
کو ہم آپ کر سکتے ہیں اس کے لئے ہم ایشور کو
کیوں تکلیف دیں"
پڑھنے والو غور کرو۔ ان میں سے کون اچھا ہے؟

۴۳۔ مایا جیو اور برمھ

جب رام جی بن باس کو گئے تو آگے رام پیچھے
سیتا اور اُن کے پیچھے لکشمن جی تھے۔ جب لکشمن جی
یہ چاہتے تھے کہ رام کا درشن مجھ کو ملے تو پرارتھنا کرتے
تھے۔ "سیتا جی! تم ذرا ہٹ جاؤ تو میں رام جی کا
درشن کروں" اور جب سیتا ہٹ جاتی تھیں تب
لکشمن کو رام کا درشن ملتا تھا۔
اس طرح برہم اور جیو کے درمیان مایا ہے۔ جب
تک یہ نہیں ہٹ جاتی تب تک جیو کو برمھ کا درشن
نہیں ملتا۔

آسا کا ایندھن کرو۔ منسا کرو بھبھوت
جوگی پھیری یوں پھرو تب بن آوے سُوت

۴۴۔ گورو جی اور چمار نوکر

جب آدمی ایک مرتبہ مایا کو پہچان لیتا ہے۔ تب

وہ اس سے دُور رہ جاتی ہے +

ایک گورو کسی چیلے کے یہاں جاتا تھا۔ راہ میں ایک چمار ملا۔ گورو نے کہا۔ تو میری نوکری کر لے تجھ کو خوب کھانا ملیگا۔ اور کسی بات کا دُکھ نہ ہوگا چمار نے کہا" مہاراج! میں ذات کا چمار ہوں۔ آپ کی نوکری کیسے کروں؟" گورو نے کہا" کیا ہوا نوکری کر لے۔ کسی سے اپنی ذات نہ بتانا۔ نہ کسی سے بات چیت کرنا" چمار اس بات پر راضی ہو گیا۔ شام کے وقت برہمن اور چمار دونو شاگرد کے گھر پہنچے +

ایک براہمن نے اس نوکر سے کہا" ذرا جوتا اُٹھا لا" مگر وہ کچھ نہ بولا۔ براہمن نے دوسری دفعہ کہا۔ یہ ویسے ہی خاموش رہا۔ تیسری مرتبہ بھی یہی حالت رہی تب براہمن جھنجھلا کر کہنے لگا" کیوں رے تو چمار تو نہیں ہے جو نہیں بولتا؟" چمار خوف کے مارے کانپنے لگا۔ اور گورو جی کی طرف دیکھ کر کہنے لگا۔ گورو جی! مجھ کو لوگ پہچان گئے۔ اب میں یہاں نہ رہونگا" یہ کہکر وہ وہاں سے بھاگ گیا +

آندھی آئی پریم کی۔ ڈھئی[۱] پرم کی بھیت[۲]
مایا ٹاٹی اُڑ گئی۔ لگی نام سوں پریت

[۱] گر گئی [۲] دیوار +

۳۵۔ غُصّہ

دو سادھو راہ میں چلے جاتے تھے۔ دونو شانت تھے۔ دونو کو غصّہ نہیں آتا تھا۔ سبب پوچھنے پر ایک نے کہا "میں اس لئے غصہ نہیں کرتا کیونکہ میں جانتا ہوں۔ تھوڑی دیر کے بعد مجھ کو پچھتانا پڑیگا۔"

دوسرا بولا "مجھ کو اس وجہ سے غصّہ نہیں آتا کہ اس سے میرے چت کے بگڑ جانے کا خوف رہتا ہے۔ میں جان گیا ہوں غصّہ کرنے سے کمزور ہو جاؤنگا اور دشمن مجھ کو مغلوب کر لینگے۔"

حِصّہ دوم

چند دیگر دلچسپ قِصّے

سانپ اَور سادھو

دنیا میں اچھی طرح زندگی بسر کرنا اور سُکھ کے ساتھ رہنا اُن کو نصیب ہوتا ہے جو گیان والے ہیں۔ راہ ٹیڑھی ہے۔ قدم قدم پر ٹھوکر کھانے کا خوف رہتا ہے۔ مگر جن کو گیان ہے وہ اپنے طور و طریقوں کو ایک خاص قسم کے سانچے میں ڈھال کر سلامت روی کے ساتھ اپنی دنیاوی زندگی کی میعاد پوری کر جاتے ہیں۔ روتے آتے ہیں۔ ہنستے جاتے ہیں۔ کرم کا بوجھ ساتھ لاتے ہیں۔ چلتے وقت خالی ہاتھ جاتے ہیں۔ کال اور مایا کو پھر جرأت نہیں ہوتی کہ اُنکے دامن کو کرم کے کانٹوں سے اُلجھا

سکیں۔
کہتے ہیں ایک سادھو کا گزر کسی جنگل میں سے ہوا۔ شاہراہ پر ایک خوفناک سیاہ رنگ کا لمبا چوڑا سانپ لیٹا ہوا تھا۔ اس میں انسان کے ساتھ دشمنی کرنے کے وہ علامات نہیں تھے جو سانپ سے مخصوص ہیں۔ سادھو پوتر آتما تھا۔ قدرت کے راز سے ماہر۔ علم معرفت کا اُستاد روحانی باریکیوں کا سمجھنے والا وہ برگ و بار سے روحانیت کے سبق سیکھتا تھا۔ دریا۔ جنگل۔ پہاڑ بے زبان کہلاتے ہوئے اُس سے ہمکلام ہوتے تھے۔ قدرت کی کتاب اُسکے مطالعہ کیلئے ہر وقت کھلی رہتی تھی *

برگِ درختانِ سبز در نظر ہوشیار
ہر ورقے دفترے ست معرفتِ کردگار

جس طرف وہ نگاہ کرتا تھا مالک کی صناعی کے کرشمے اسکے دل کو اپنی طرف کھینچتے تھے۔ اور وہ جو جانوں کی جان۔ پرانوں کا پران ہے اس کو ہر چیز میں نظر آتا تھا *

کہ بچشمانِ دل مبیں جز دوست
ہر چہ بینی بداں کہ مظہر اوست

جس معبود کی تلاش میں دنیا بھٹکتی پھرتی ہے وہ خود عاشق صادق کی طرح اُس پاک نفس سادھو سے ایک دم کے لئے علیحدہ نہیں ہوتا تھا *

پیچھے پیچھے ہر پھریں کہیں کبیر کبیر

سادھو کا دل پریم کے اثر سے بھرا ہوا تھا۔ تمام دنیا کی مخلوقات کے لئے اُس کے وسیع دل میں جگہ تھی۔ حسد۔ نفرت اور دشمنی کا گذر وہاں کیسے ہو سکتا ہے۔ جہاں پریم سروپ پرماتما بستا ہے۔ برہما سے لے کر چیونٹی تک سب اسی کاریگر کے ہاتھ کے کھلونے ہیں۔ کھلونے ہی نہیں اس کے بال بچے ہیں۔ وہ باپ ہے یہ سب اس کے لڑکے ہیں۔ جو باپ کو جانتا ہے وہ بیٹے سے نفرت کیسے کر سکتا ہے؟ سادھو نے اس سچے محبوب کی قربت کے خیال سے دنیا کو ترک کر دیا تھا۔ بھلا وہ پریتم کے چھوٹے سے چھوٹے اور حقیر سے حقیر بندے کی کیسے تحقیر کر سکتا ہے یا اُنکو تکلیف دے سکتا ہے ؎

سیا رام مے سب جگ جانی
کروں پرنام جُور جگ پانی

سانپ کے قریب پہنچ کر سادھو نے پریم اور محبت کے لہجہ میں کہا " اے سانپ! تو میرے راہگذر کے بیچوں بیچ پڑا ہوا ہے۔ کیا تو ذرا کنارے کھسک نہیں سکتا۔ تاکہ میں گذر جاؤں۔ میں تیرے اوپر سے گزرنا نہیں چاہتا۔ کیونکہ تو اُس کے ہاتھ کا بنا ہوا ہے۔ جس کی میں پرستش کرتا ہوں۔ تو

بھی کسی نہ کسی دن میری حالت اور حیثیت تک پہنچیگا اور میری طرح اُس قابل تعظیم معبود کی بندگی بجا لائے گا ٭

سانپ نے اپنے پھن کو اونچا کیا اور عاجزی و انکساری کے لہجہ میں جواب دیا۔ "تقدس مآب سادھو میں تیری ہی زیارت کے لئے راہ میں پڑا ہوں۔ مُدت سے تمنّا تھی کہ کوئی سادھو ملے تاکہ اُس سے دردِ دل کہ کر نجات کی صورت پیدا کروں۔

سُکھ دیویں دُکھ کو ہریں دُور کریں اپرادھ
کہیں کبیر وہ کب ملیں پرم سینہی سادھ

مہاتما تم حکم کرو۔ میں راہ سے ہٹ جاؤنگا۔ میں بُری زندگی بسر کرتا ہوں۔ پیٹ کے بل چلتے چلتے عاجز آ گیا ہوں۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ انسان بنوں۔ اور مجھ کو اعلےٰ زندگی کا لطف حاصل ہو۔ میں نے بہت پاپ کئے ہیں۔ کتنے چرند پرند میں نے ہلاک کئے۔ کتنے حشرات الارض میری وجہ سے مصیبت میں پڑے۔ تمام زہر میرے منہ میں ہے میرا کاٹا ہؤا بچتا نہیں۔ کیا کوئی تدبیر ہے جس سے میرے جیسا حقیر و پاپی شخص بھی بہتر بن سکے؟ کیسے اور کس طرح مجھ کو اپنے آپ سے نجات مل سکتی ہے؟ میں کیا کروں تاکہ کوئی بھی مجھ سے نفرت اور

خوف نہ کرے۔ لوگ کہتے ہیں سادھو کے اُپدیش سے آدمی بہتر بن جاتے ہیں۔ تم میرے اوپر رحم کرو۔"

سادھو نے جس کی دولت پریم تھا درد اور محبت کے لہجے میں کہا۔

"دل میازار ہر چہ خواہی کُن"

اے سانپ! تو لوگوں کو زخمی کرنا چھوڑ دے اور تیری مغفرت کا دروازہ خود بخود کھل جائیگا۔ یہی دھرم ہی کرم یہی بھگتی یہی بھاو ہے۔

اور سانپ نے جب اُس کے مختصر اُپدیش کو سُن لیا راہ سے ہٹ گیا۔ سادھو بھی اپنی راہ چلا گیا۔

دن کے وقت جب سورج کی کرنوں نے تختۂ عالم کو نورٌ علےٰ نور کر دیا۔ سانپ اسی طرح سڑک پر پڑا ہوا تھا۔ آنکھیں بند تھیں۔ وہ "اہنسا" کے اصول پر دل ہی دل میں غور کرتا رہا۔ اُس کے جسم کے سِنے دھوپ میں چمکتے تھے۔ جنگلی گاؤں کے گائے کے چرانے والے لڑکوں کا ہجوم کھیلتا کودتا ہوا اُدھر آ نکلا۔ سانپ کا دیکھنا تھا۔ کہ سب کے ہوش جاتے رہے۔ سب خوف سے تھرا گئے۔ آخر کار اپنے گھروں کو بھاگ گئے۔

دوسرے دن وہ پھر اُسی طرف سے ہو کر نکلے سانپ ویسا ہی پڑا ہوُا تھا۔ اُس نے ذرا بھی پہلو نہیں بدلا تھا۔ لڑکوں نے سوچا" یہ مردہ ہے اور لکڑی لے کر اس کو کھودنے لگے۔ سانپ کو دُکھ ضرور ہوُا مگر نہ اُس نے سر اونچا کیا نہ کسی کو کاٹ کھایا۔ لڑکے دلیر ہوتے گئے اور جیسے جیسے دن گذرتے گئے سانپ کی دُرگت ہونے لگی۔ کوئی اُس کو پتھر سے مارتا کوئی ڈنڈے اور لکڑی سے اُسکو زخمی کرتا۔ یہاں تک نوبت آگئی کہ لڑکے اُسکے پھن کو پکڑ کر ہاتھوں سے منہ کو کھول دیتے اور اُس میں مٹی بھر دیتے۔ چند کمسن لڑکوں کو اتنی جرأت ہو گئی تھی۔ کہ وہ اپنا ہاتھ اُس کے حلق تک ڈالدیا کرتے تھے۔ مگر سانپ نے کسی کو بھی تکلیف نہیں دی۔ سادھو کے اُپدیش نے اُس کو کچھ کا کچھ بنا دیا تھا۔ وہ خوف کی وجہ سے اپنے دانت کو دبائے رکھتا تھا۔ تاکہ کسی بچّے کے جسم میں خراش آجائے اور اُس کے زہر سے کہیں مر نہ جائیں۔ لڑکے اُسکو جسقدر ستاتے تھے وہ اُتنی ہی زیادہ اُن کی سلامتی اور تحفّظ کا خیال رکھتا تھا*

کئی دن تک یہ حالت رہی۔ لڑکے اسکو پکڑ کر کھیلتے رہے اُسکو سخت تکلیف دی گئی مگر اُس نے

کسی کو بھی نہیں کاٹتا۔ ایک دن ایسا اتفاق ہوا ایک لکڑہارے نے جنگل میں بہت لکڑیاں اکھٹی کی تھیں۔ گٹھے کے باندھنے کے لئے اُس کے پاس رسّی نہیں تھی۔ اُس کی نگاہ سانپ پر پڑی۔ سوچا۔ یہ یا تو مردہ ہے یا بہت بڈھا ہے۔ معصوم معلوم ہوتا ہے۔ لاؤ اسی سے اپنے گٹھے کو باندھ لیں *

وہ بلا تامّل بلا خوف ہو کر اس کو اُٹھا لایا۔ اپنے گٹھے کو باندھ لیا۔ مگر اُس باندھنے کے صدمے سے سانپ کا تمام جسم زخمی ہو گیا اور جگہ جگہ سے خون بہنے لگا۔ وہ لکڑہارے کو اس بے رحمی کی سزا باآسانی دے سکتا تھا مگر گورو کا اُپدیش سدّ راہ تھا۔ قہرِ درویش بر جانِ درویش *

لکڑہارے نے گھر پر پہنچ کر گٹھے کو زمین پر پٹک دیا اور سانپ کو کھول کر علیحدہ کر دیا۔ بے چارہ وہاں دیر تک درد کے مارے تڑپتا رہا۔ زخموں سے خون کے فوارے جاری تھے *

گھنٹوں وہ وہاں پڑا رہا۔ جب درد سے سخت تکلیف ہونے لگی۔ اُس نے سر اُٹھایا۔ آنکھیں کھولیں دیکھا۔ وہی سادھو سامنے کھڑا ہے۔ جس نے اُس کو نیک بن جانے کی ہدایت کی تھی۔ سانپ نے رو کر اُس سے کہا۔ بھگوان اپنے داس کی حالت دیکھئے

پہلے میں کیسا خوبصورت چکنا اور صیح البدن تھا۔ آج میری کیا حالت ہے! سارا جسم زخموں سے چھلنی بن گیا ہے۔ خون بہ رہا ہے۔ کیونکہ آدمیوں نے مجھ کو معصوم سمجھ کر ادھ مرا کر دیا۔ میں نے ان کو کاٹا نہیں۔ کیونکہ آپ نے کاٹنے سے منع کیا تھا۔ مہاتمن! آپ سادھو ضرور ہو۔ گیانی ہو۔ بدھیمان ہو مگر آپ کی ہدایت نے میرے ساتھ زہر کا کام کیا۔ آپ نے یہ کیوں کہا۔ کاٹنا چھوڑ دے۔ پرماتما نے مجھ کو کیا عجب اس مصیبت سے بچنے کے لئے نوکیلے اور تیز دانت دئے تھے"۔

سادھو نے غور کے ساتھ سانپ کی آنکھوں کی طرف نظر جما کر کہا "اے نادان مگر قابل رحم شاگرد میں نے تجھ سے یہ ضرور کہا تھا کہ کاٹنے کی عادت چھوڑ دے۔ مگر یہ کبھی نہیں کہا تھا۔ کہ تو اپنی پھنکارنے کی عادت کو بھی ترک کر دے۔ جو تیری سادگی اور معصومیت کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اُن کو پھنکارتا کیوں نہیں۔ پھنکارنے کی عادت تجھ کو صرف اس لئے دی گئی تھی تاکہ جو لوگ تجھ کو نیک سمجھ کر چھیڑنے کا حوصلہ کریں۔ اُن کو پاس آنے کا موقع نہ ملے۔ تجھ کو چاہئے تھا کہ اس سے اچھی طرح کام لینا۔ تو نے ایسا نہیں کیا اس لئے مصیبت میں مبتلا

ہوُا "حفاظتِ خود اختیاری قدرتی قانون ہے۔ جو ہر مخلوق کے دل میں ہمیشہ اثر انداز رہتا ہے۔ وہ ایک ہتھیار ہے۔ تاکہ دشمنوں کے حملہ سے حفاظت کیا کرے۔ آدمی اس ہتھیار سے ڈرتے رہتے ہیں۔ اے سانپ! اب بھی تیرا کچھ نہیں بگڑا۔ جب کوئی تیرے پاس دُکھ دینے کی نیت سے آوے۔ تو پھن اُٹھا کر پھنکار دے۔ سب خود بخود دُور بھاگ جائیں گے۔ اور تو صدمہ سے محفوظ رہے گا۔ آدمی سایہ کو دیکھ کر ڈر جاتے ہیں۔ تیری پھنکار میں اصلیّت ہے۔ وہ اُس کو سُن کر کبھی پاس نہ آوینگے۔ پھنکارنا دل آزاری نہیں ہے۔ حفاظتِ خود اختیاری ہے۔ اگر تو نے اس سے کام لیا ہوتا۔ تو تیرا چکنا اور خوبصورت جسم آج اس قدر زخمی نہ ہوُا ہوتا"

سادھو کے جاتے ہی سانپ نے پھنکارنا شروع کیا۔ اور تھوڑی ہی دیر بعد لوگ اپنی اپنی جان لے لے کر بھاگ گئے۔ تب اُس غریب نے پھسلتے ہوئے کسی غار میں جا کر پناہ لی اور جب تک زندہ رہا۔ پھنکارنے کی عادت کی وجہ سے کسی بدنیت شخص کو اُس کے پاس آنے کی جرأت نہ ہوئی۔ اُسنے کسی کو صدمہ نہیں پہنچایا۔ نہ کوئی اُس کے زہر سے ہلاک ہوُا۔

وہ مدت العمر تک جیتا رہا۔ اور سادھو کے اُپدیش سے پورا پورا فائدہ اُٹھایا ٭

جن کو ذرا بھی عقل و تمیز ہے انکی ہدایت کیلئے اس فرضی کہانی میں بہت کچھ سامان موجود ہے ٭

۲۔ سمجھ کا پھیر

مسلمان کہتے ہیں دوزخ ایک خوفناک و دائمی آتشکدہ ہے۔ جہاں گنہگار لکڑیوں کی طرح جلتے ہیں۔ سکنڈنیویا کا مذہب کہتا ہے دوزخ دائمی برفستان ہے جہاں آدمی کے ہاتھ پاؤں مارے سردی کے جکڑ جاتے ہیں۔ ہندوؤں کا عام عقیدہ ہے کہ دوزخ نرک کنڈ ہے جس میں سخت تعفن ہے۔ بد بُو ہے۔ ناپاکی اور غلاظت ہے۔ یہ دوزخ کے تین خیال ہیں۔ جو دنیا کے تین مذہب ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ سچ کیا ہے؟ ہمارا پہلا جواب تو یہ ہوگا

ہم کو معلوم دوزخ کی حقیقت لیکن
نظم و نسق سے دنیا کے خیال اچھا ہے

دوسرا جواب یہ ہے کہ اُن آدمیوں کا مذہب جن کو روحانی تکمیل کا موقع نہیں ملا۔ اُن کے ارد گرد کے حالات و واقعات کی 'گاڈی' اور "گھنی" تصویر ہوتا ہے۔ "گاڈی" اور "گھنی" لفظ بھدے ہیں۔

ہماری زبان میں کوئی اِن کو استعمال نہیں کرتا مگر یہ ہمارے مطلب کے اظہار میں زیادہ مدد دیتے ہیں۔ عربستان کا ملک ریگستان ہے۔ جہاں بادِ سموم کے جھونکوں سے درخت سوکھ جاتے ہیں۔ آدمی مر جاتے ہیں۔ حد درجہ کی گرمی میں تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ اسلام نے خواہ اُس کی ابتدا آدمؑ سے ہو یا محمدؐ صاحب سے۔ دوزخ کے خیال کو "دائمی آتش کدہ" میں مکمل کیا۔ کیونکہ آگ کی گرمی سے زیادہ اور کیا چیز تکلیف دے سکتی ہے؟ سکنڈینیویا (ناروے و سویڈن کے ملک) میں وہ زبردست سردی پڑتی ہے۔ کہ جس کا کوئی حد اور حساب نہیں۔ وہاں گرمی کا موسم نہایت خوشگوار اور با برکت سمجھا جاتا ہے۔ وہاں کے باشندوں نے دوزخ کو دائمی برفستان تصوّر کیا۔ ہندوستان میں گرمی و سردی اعتدال کے ساتھ ہوتی ہے۔ ہندو دن میں دو دو دفعہ نہاتے ہیں۔ کپڑے صاف اور ستھرے رکھتے تھے۔ چوکا دے کر کھاتے تھے۔ ان کے نزدیک دوزخ وہ جگہ سمجھی گئی جہاں حد درجہ کی غلاظت۔ کراہت اور تعفّن تھی۔ اسی طرح ان قوموں نے بہشت کی بھی الگ الگ تصویر کھینچی ہے سمجھنے والے ان سے بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ مذہبی

خیالات کی جڑ میں ارد گرد کے حالات واقعات و اثرات و طرز معاشرت کس حد تک اثر انداز رہتے ہیں۔

ایک افیونچی سے کسی نے کہا " بھائی! تم تو کوئی گناہ نہیں کرتے بہشت میں جاؤگے "۔ اُس نے پوچھا " بہشت میں افیون ملیگی؟ تمباکو پینے کے لئے آگ بھی ملیگی کہ نہیں؟" جواب دیا گیا " بہشت میں افیون آگ اور تمباکو کہاں؟ افیونچی نے ناک سکوڑ کر کہا۔ اونہہ ہم ایسی بہشت میں جا کر کیا کرینگے؟

جن کو اپنی روحانی تکمیل کا خیال ہو اُن کی نگاہ بلند ہونی چاہیئے۔تاکہ اصلیت کی بھی کچھ خبر ملے +

۳۔ زبردستی اور رحم کا قانون

راجہ کا دربار گرم تھا۔ مقدمات کی سماعت ہو رہی تھی۔ دو کمسن خوبصورت لڑکے مستغیث بنکر حاضر ہوئے راجہ اُن کی طرف مخاطب ہوا " لڑکو! تم کیا چاہتے ہو؟ اور اُنمیں سے اُس نے جو ذرا شوخ مزاج تھا۔جواب دیا " یہ راج ہنس جو راجکمار بغل میں لئے ہوئے ہیں۔ میرا ہے۔مگر یہ مجھ کو نہیں دیتے سب سمجھا کر تھک گئے۔ اس لئے ہم دونوں عدالت میں حاضر ہوئے ہیں۔آپ کے ہاتھ ہمارا

انصاف ہے"

راجہ نے نابالغ لڑکوں کو توجّہ کی نگاہ سے دیکھکر پوچھا۔" دیودت! کس قانون کی رو سے تم اس راج ہنس کے دعویدار ہو"؟ دیودت بولا" زبردستی اور طاقت کے قانون سے اس پر میرا حق ہے آپ سنئے پرسوں صبح کا وقت تھا جب آسمان پر راج ہنسوں کا جُھنڈ منڈلاتا ہوُا اُڑا چلا جا رہا تھا۔ راجکمار سدھارتھ اُنکو دیکھکر خوش ہوُا اور اپنی عادت کے موافق اُنکے رنگ روپ آواز وغیرہ پر وچارنے لگا۔ میں نے اپنی کمان ہاتھ میں لی اور میرے کبھی نہ خطا کرنیوالے تیر نے اسکو زخمی کرکے زمین پر گرا دیا۔ چونکہ میں نے اس کو تیر کا نشانہ بنایا تھا اسلئے یہ میرا ہے۔ راجکمار کا نہیں ہے"۔

راجہ نے دوسرے لڑکے کی طرف جو مزاج کا حلیم تھا۔ نظر کی۔" سدھارتھ! تم بتا دو۔ کس قانون کے رُو سے یہ پرندہ تمہارا ہے"؟" اور آئندہ زمانہ کے رُوحانی مُعلم نے خوش آئند لہجہ میں جوابدیا۔ مہاراج! میں رحم اور دیا کے قانون سے اس کا دعوےٰ کرتا ہوں۔ یہ سچ ہے۔ دیودت نے اسکو مارا۔ مارنا دراصل ایک چیز کے ضائع کر دینے کا نام ہے۔ نہ وہ مارنے والے کی رہتی ہے۔ نہ اوروں کی۔ تڑپتا ہوُا

راج ہنس زمین پر آ رہا۔ اُس کے پر خون کے بہنے سے رنگین ہو رہے تھے۔ مجھکو ترس معلوم ہوا میں نے جھپٹ کر دیا بھاو سے اسکو مرنے سے بچا لیا۔ اس لئے یہ میرا ہے۔ راجہ شُدّھودھن مقدمہ سُن کر متعجب ہوا۔ وزیروں سے مخاطب ہو کر پوچھنے لگا "تم بتاؤ ان میں سے کون صحیح اور کون غلط ہے؟" وزیر خاموش ہو گئے۔ اتفاق سے دربار میں ایک سادھو موجود تھا اس نے ہنس کر کہا "اس مقدمہ کا فیصلہ راج ہنس کی شہادت پر چھوڑنا چاہئے۔ جس کے بلانے سے وہ اس کے پاس آ جائے اُسی کا ہے"

راج ہنس کو آزاد کیا گیا۔ سب سے پہلے دیودت نے اُس کو بلایا۔ مگر اُس نے اپنا رُخ پھیر لیا۔ مگر جس وقت سدھارتھ نے ہاتھ کا اشارہ کیا۔ سمجھدار ہنس پروں کو پھڑپھڑاتا ہوا اُس کے پاؤں کے پاس آ کر محبت کا اظہار کرنے لگا۔ اور راجکمار نے اسکو اپنی گود سے چمٹا لیا +

اس قسم کا نظارہ دیکھنے والوں کے لئے خاص قسم کا لطف رکھتا ہے۔ حق چاہے کسی کا رہا ہو۔ مگر رحم اور دَیا کے خیال نے دلوں کو متاثر کر دیا +

راج ہنس سدھارتھ کا ہو گیا اور اُس نے ہنس کو اُونچا کر کے کہا۔ "اے ہمالیہ کے آزاد پرند!

تو اپنے وطن کو واپس جا۔ تیرے عزیز اور دوست گھراتے ہونگے۔ میں چاہتا تھا کہ تو میرے پاس میرا ہو کر رہے۔ مگر تیرے بچوں کے خیال سے میں تجھ کو آزاد کرتا ہوں۔ اب میرا بھائی تجھ کو نہ ستاویگا" اور جانور اپنے بال و پر کو پھیلا کر اوپر کی طرف اُڑا۔ اور کم سن "ہنس" کو احسان کی نگاہ سے دیکھتا ہوُا تھوڑی دیر بعد نظر سے اوجھل ہو گیا۔ درباری خاموش تصویر حیرت بن گئے اور سدھارتھ محبت اور پریم سے اپنی باہیں اپنے ماموں زاد بھائی دیودت کے گلے میں ڈال کر ہنسی خوشی کے ساتھ محل میں آیا۔ اُس وقت سدھارتھ کی عمر پانچ چھ برس سے زیادہ کی نہیں تھی۔

یہی سدھارتھ مابعد زمانہ میں گوتم بدھ کے نام سے مشہور ہوُا۔ سچ ہے:-

ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات

۴۔ راجہ اور سادھو

رات کا وقت تھا۔ سوائے چوکیدار اور پہرے والوں کے سب نیند میں سرشار تھے۔ نوکر چاکر اور تمام شاہی ملازم خراٹے کے سانس لے رہے

تھے ۔ راجہ کو البتہ نیند نہیں آئی ۔ وہ کروٹیں بدلتا رہا ۔ چھپر کھٹ پر مخمل کا گدا بچھا ہوا تھا ۔ جتنے عیش و عشرت کے سامان دولت یا حکومت سے حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔ سب موجود تھے مگر راجہ کو نیند نہیں آتی تھی ۔ جو لاکھوں پر راج کرتا تھا ۔ جس کے پاس بیشمار دولت تھی ۔ رانی ۔ راجکمار رعیت جس کو تین مرتبہ جُھک کر سلام کرتے تھے ۔ اُس کو نیند نے اپنی مہربانی کا مستحق نہیں سمجھا تھا ۔

پلک سے پلک نہیں جھپکی ۔ وہ ادھر اُدھر دیر تک پھرتا رہا ۔ مگر آرام کہاں ! کیونکہ سلطنت کے جھگڑے اور بکھیڑوں نے اُسکے دماغ کو پراگندہ کر رکھا تھا ۔ سر میں حد درجہ کی حرارت تھی ۔ وہ ہزار کوشش کرتا تھا کہ نیند آ جائے اسکو کچھ آرام ملے ۔ مگر آرام کہاں تھا ۔ سب سو رہے ہیں ۔ اُسکی رعیّت میں سے ادنٰے سے ادنٰے آدمی تک سویا ہوا تھا ۔ مگر اُس کی حالت غیر تھی ۔ بار بار وہ پلنگ پر جا کر لیٹ رہا ۔ مگر نیند نہیں آئی ۔ اور نہ اس کے دل کو قرار آیا ۔

صبح کے وقت جب سورج طلوع ہو رہا تھا راجہ نے اپنے بالا خانہ کے نیچے نگاہ کی ۔ ایک آدمی

نظر آیا۔ جو راکھ کے تودہ پر پڑا ہوا بے خبری کی نیند سو رہا تھا۔ راجہ نے حیرت کے لہجہ میں کہا "یہ کیا بات ہے۔ یہ بدنصیب کمبخت اس طرح سویا ہوا ہے اسکے جسم کے تلے نہ بستر نہ اوپر چادر ہے اور ایک میں جسکو مخملی پلنگ پر بھی نیند نہیں آتی"
راجہ کچھ دیر تک سونے والے کو بغور دیکھتا رہا۔ جب سورج اچھی طرح نکل آیا اُس نے بےصبری سے کھڑکی کے دروازے کو کھولکر سونے والے کو آواز دی "اے خانماں آوارہ شخص! تو بتا کسطرح راکھ کے ڈھیر پر پڑا ہوا تو اس بے خبری کی نیند سو رہا ہے" مگر سونے والے نے ذرا بھی جنبش نہیں کی اور نہ اُس نے راجہ کی آواز کو سُنا *
تب مہاراجہ نے اپنے ایک نوکر کو بُلا کر حکم دیا "جا۔ اس سونے والے کو جگا کر لے آ۔ میں دیکھوں یہ کس قسم کا انسان ہے *
نوکر اُس کے پاس گیا اور دیکھا یہ اُن فقیروں میں سے ہے جو دنیا میں گھومتے پھرتے رہتے ہیں۔ اور ضرورت و خواہش کے موافق لوگوں کو دھرم کی ہدایت کرتے ہیں۔ سوائے پر اُپکار کے انکی زندگی کا کوئی ماحصل نہیں۔ نوکر ڈرا۔ سادھو کا جگانا اچھا نہیں ہے۔ مگر راجہ کا حکم مل چکا تھا۔ مجبوراً اُس نے

پاس آکر اُس کے کان میں جُھک کر کہا۔ بھگوان! مہاراج بالا خانہ پر کھڑے ہوئے آپکو یاد کر رہے ہیں۔ نہ اُن کو دن کو چین نہ رات کو نیند آتی ہے۔ انتظام سلطنت کی جواب دہیوں نے پریشان کر رکھا ہے۔ آپ معاف کیجئے۔ میں آپ کی نیند میں خلل انداز ہوا۔ اور مہربانی کرکے کھڑکی کے پاس چلئے۔ جہاں مہاراج آپ سے کچھ پوچھیں گے"

سادھو اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور ترش رو ہو کر اُس راجہ کے پاس جا کر کہنے لگا۔ "تو نے مجھ کو کیوں بلا سبب جگایا۔ نادان! تو نہیں جانتا سوتے ہوئے کو جگانا بُرا ہے"

راجہ کے ساتھ کسی کو کب اسطرح بیباکانہ گفتگو کرنیکی جرأت ہوئی تھی۔ یہ اُس کی زندگی میں پہلا واقعہ تھا۔ تاہم وہ فقیر کی سادگی اور بیخوفی پر ہنستا رہا۔ اُسکے دل میں غصہ نہیں آیا۔ وہ جانتا تھا سادھو دل کے پاک ہوتے ہیں۔ جب غصہ کا اظہار کرتے ہیں تب بھی اُنکے دل میں بُرائی نہیں رہتی۔ اُس نے کہا "سوامی! میں نے آپکو کسی خاص سبب سے تکلیف دی ہے۔ میں جانتا ہوں تم بہت دانا اور تجربہ کار سادھو ہو۔ تم میرے سوال کا جواب دے سکوگے۔ میں نے دیکھا تم راکھ پر پڑے ہوئے ہو۔ میں اس

بستر کو کبھی پسند نہیں کرتا۔ مگر جب میں نے دیکھا۔ آپ کیسی گہری نیند میں سوتے ہو۔ مجھ کو حیرت اور تعجب ہوا۔ میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا تھا کسطرح اس مٹی کے تودہ پر لیٹے ہوئے آپکو نیند آتی ہے"؟

سادھو نے راجہ کی شکل و صورت کی طرف غور کیا اُس میں خود غرضی اور تکان کے شکن پڑے ہوئے تھے۔ اور اُس کی اندرونی حالت کا اُس کی باہری شکل سے پورا پورا اظہار ہو رہا تھا۔ اسکے بعد اس نے راجہ کی مخملی توشک خوبصورت پلنگ اور عیش و آرام کے سامان کی طرف نظر ڈالی اور پھر جواب دیا" کسی کسی حالت میں میں تیرے برابر ہوں۔ بعض باتوں میں میں تجھ سے بہتر ہوں"۔

راجا نے پوچھا" کس طرح"؟

سادھو بولا" جونہی میں نیند میں گیا اپنے جسم اور اپنے بستر کا خیال میرے دل سے بالکل جاتا رہا۔ مجھ کو یہ ہوش نہیں رہا۔ کہ میرا جسم کس قسم کی جگہ پر پڑا ہے۔ اور میرا بچھونا تیرے بستر سے کم آرام دہ نہیں تھا۔ مگر اور بات میں میں تجھ سے بہتر تھا کیونکہ مجھ کو فکر و تردد نہیں ستاتا۔ تو دکھوں سے پریشان ہے۔ تجھ کو نیند نہیں آتی۔ نہ کسی قسم کا سُکھ دل پریشانیوں سے بھرا رہتا ہے۔ میں ایسا نہیں

ہوں ۔ اس بات میں مَیں تجھ سے ہزارہا درجہ بہتر ہوں "

راجہ نے کہا" اے پاک و قابلِ تعظیم سادھو! تم مجھ کو بتا دو ۔ میں سچ مچ مصیبت میں مبتلا ہوں ۔ میرے گوشت و پوست میں ہر وقت جنگ ٹھنی رہتی ہے ۔ مجھ کو نیند نہیں آتی ۔ نہ مجھ میں شانتی ہے ۔ تم راکھ پر پڑے ہوئے سُکھی ہو ۔ تمہاری صورت سے خوشی کی کرنیں پھوٹ پھوٹ کر نکل رہی ہیں ۔ تم شانت ہو نہ تمہارا گھر ہے نہ دوار ہے ۔ پھر بھی تم کو فکر نہیں ہے ۔ تندرستی اور خوشی تمہارے حصّہ میں آتی ہے ۔ اے پر اُپکاری گورو! تم مجھ کو سُکھی رہنے اور سُکھ کی نیند سونے کا سبق سکھاؤ ۔ مَیں تمہارے اُپدیش کا مستحق بنا چاہتا ہوں ۔

اور سادھو نے سنجیدگی سے جواب دیا" تو سچّا راجا بن جا ۔ من پر اختیار حاصل کر لے ۔ قوّتِ ارادی کی پختگی تجھ کو طاقت دیگی ۔ اور جب تو چاہیگا نیند اُسی وقت ہاتھ باندھے کھڑی رہیگی ۔ اسوقت تو سچا راجہ نہیں ہے "

راجہ نے پوچھا" کس طرح ؟"

سادھو بولا ۔ نظر اونچی کر ۔ کُتّا مت بن ۔ ناقص ہڈیاں کتوں کے حوالے کر ۔ وہ آپس میں لڑتے جھگڑتے

رہیں تو اس دنیا کی حالت کو سمجھ کر چت کی ورتی کو روکنا سیکھ لے۔ دنیا میں رہ دنیا کا ہو کر مت رہ راج کاج کا کام کر۔ ضرورت سے زیادہ کسی کام کا بندھن رکھنا مناسب نہیں ہے۔ جہاں سارا وقت دنیا کے کام دھندوں میں صرف کرتا ہے۔ کچھ تھوڑا سا وقت ہر روز آتما کے سوچ وچار کے لئے دیا کر۔ جنک کی طرح راج بیوہار کر اور تجھ کو یہ شکائتیں پھر نہ ستائیں گی۔ اور تو دنیا میں بھی سکھی رہے گا۔ اور پرلوک کو بھی حاصل کر سکیگا ؛

جیسے جل میں کنول نرالم مُرغابی نشا نئے
سُرت شبد بھوساگر تریئے نانک نام بکھانئے

۵۔ جادو کا پٹارہ

دربار عام کا دن تھا۔ وزیر امیر۔ خاص و عام سب حاضر تھے۔ راجہ نے حکم دے رکھا تھا۔ ہر شخص خود حاضر ہو۔ اسکے سامنے اپنا استغاثہ پیش کرے۔ براہِ راست اپنے ظلم کی کہانی سناوے جو کچھ کہنا ہو دو بدو راجہ سے کہے۔ تاکہ وہ خود اُن کے ساتھ انصاف کرے ؛

راجہ تختِ شاہی پر بیٹھا ہوا تھا۔ داہنی طرف

وزیر اعظم کی کرسی تھی۔ جو کوئی آکر فریاد کرتا۔ راجہ غور سے اُس کی سُنتا۔ ہنستے ہوئے اُس کی دلجوئی کرتا اور انصاف کا وعدہ کرتا تھا۔ اس دن نیک راجہ نے کتنے آدمیوں کے دل کو خوش کیا۔ کتنے ستائے ہوئے مظلوموں نے اُسکو دعائیں دیتے ہوئے پایہ تخت کو بوسہ دیا ٭

سنگھاسن سے تھوڑی دُور پر ایک شخص میلے کچیلے کپڑے پہنے کھڑا تھا۔ اُس کی نگاہ راجہ پر تھی۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ کسی دُور دراز گاؤں کا رہنے والا تھا۔ مگر شاہی شان و شوکت نے اس کے دل پر اس قدر گہرا اثر پیدا کر لیا تھا کہ وہ ظاہرا اپنے آنے کی غرض تک کو بھول گیا تھا۔ نہ وہ راجہ کے پاس گیا نہ اُس سے کچھ درخواست کی ٭

اتنے میں راجہ اپنے وزیر اعظم سے مخاطب ہو کر پوچھنے پر لگا۔ "کیوں جی! دنیا میں انسان کی تن آسانی کا بہتر ذریعہ کس سے ہاتھ آتا ہے"؟ وزیر نے جواب دیا۔ "خداوندا! بیوی سے کیونکہ کہا گیا ہے ہرکہ زن ندارد آسائش تن ندارد۔ میلے کچیلے کپڑے پہنے ہوئے آدمی کی زبان اُسی وقت کھل گئی۔ اور اُس نے بلا تامل چپکے سے کہا۔

بشرطیکہ بیوی پارسا ہو۔ کیونکہ اگر وہ عصمت پرست

نہیں ہے تو شوہر کی بربادی اور تباہی کا باعث بھی عورت ہی ہوا کرتی ہے *

نہ ہر زن زن است نہ ہر مرد مرد

خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد

راجہ مُسکرایا اور اُس نے وزیر سے مخاطب ہوکر پھر پوچھا "کیوں جی! دنیا میں سب سے زیادہ کارآمد کیا چیز ہے؟" وزیر نے جواب دیا "حضور دولت سے زیادہ کیا مفید ہو سکتی ہے؟ کہا گیا ہے ؎

ہر کہ زر ندارد از نعمتِ دنیا خبر ندارد"

میلے کچیلے آدمی نے پھر چپکے سے کہا - بشرطیکہ روپیہ ہاتھ میں ہو - اور انسان اس کے استعمال کا راز جانتا ہو - ورنہ

برائے سگ نہادن چہ سنگ وچہ زر"

راجہ نے اُس بد حیثیت شخص کی طرف نگاہ کی - اُس نے بھی سُن رکھا تھا "جورو ساتھ کی دولت ہاتھ کی" اور اُس شخص کے جواب سے اس کو بہت خوشی حاصل ہوئی - اُس نے ہاتھ کے اشارہ سے اس کو پاس بُلایا اور کہنے لگا "تو کون ہے؟ اور یہاں کیوں آیا ہے؟ سب نے اپنی اپنی درخواست گذار لی - صرف تو نے نہ مجھ سے کچھ مانگا - نہ اب تک سوال کیا - میں تیرے لئے کیا کروں؟"

اُس شخص نے سر کو نیچا کر کے جواب دیا۔
"خداوند! میں کبھی آپ سے مدد کا سوال نہ کر سکتا۔ نہ یہاں آتا۔ میں صرف اپنی بیوی کے خیال سے یہاں آیا ہوں۔ جو مجھ کو دنیا میں سب سے زیادہ عزیز ہے میں پنڈت (عالم) ہوں۔ میری دولت کتابیں ہیں۔ میں رات دن کتابوں ہی کے مطالعہ میں مصروف رہا۔ مجھ کو دنیا کی دولت کی ہوس نہیں تھی۔ میں صرف گیان کے لئے کوششیں کرتا رہا۔ مجھکو مفلسی کا خوف نہیں۔ نہ ناداری کی فکر تھی۔ میں اپنی عورت کیلئے جب تک خورش و پوشش کا بآسانی انتظام کر سکتا تھا۔ مجھ کو اور کسی بات کا خیال تک نہیں ستاتا تھا۔ میری عورت دنیا میں بڑی دھرماتما ہے۔ میں اُس کو دیکھکر خوشی سے زندگی بسر کرتا تھا۔ کل وہ سخت بیمار ہو گئی نہ کھانے کا سامان پاس ہے نہ دوا علاج کا ٹھکانا ہے میں آپ سے مدد مانگنے نہیں آیا ہوں۔ ہاں آپکی خدمت کرنے آیا ہوں۔ میں آپکو دماغی و روحانی غذا دونگا۔ آپ مجھ کو میری بیوی کی پرورش کے لئے سامان دیجئے۔ تاکہ تبادلہ کے قانون کا برتاؤ ہم اور میری پیاری بیوی پھر تندرست ہو کر پہلے کی طرح مسکراتی ہوئی میری روح کو خوش رکھ سکے"

جس کے جسم پر چیتھڑے لپٹے ہوئے تھے۔ اور پھر بھی وہ اس جرأت کے ساتھ بادشاہ تک سے خیالات کے تبادلہ کی نسبت گفتگو کر رہا تھا۔ وہ حد درجہ کا سنجیدہ مزاج تھا۔ آنکھ سے روشنی برستی تھی۔ اور بات بات سے عقل و تمیز کا اظہار ہوتا تھا۔ راجہ نے وزیر سے کہا "میں اس کو اپنے دربار کے عالموں میں جگہ دیتا ہوں۔ تم دیکھو اس کی ضرورتیں رفع کر دی جائیں۔ اور اس کے لئے ایسے سامان مہیا کر دئے جائیں جو شاہی مصاحب کیلئے ضروری ہیں"

اُس دن سے اُس بے حیثیت آدمی کی حالت میں فرق آگیا۔ تمام راج میں زبردست دانشمند اور عالم مشہور ہوا۔ گو اس کے جسم پر اب چیتھڑے نہیں تھے۔ مگر اس نے اپنی کتابوں کو کبھی علیحدہ نہیں کیا اور جب کبھی راجہ کے کام سے فرصت ملتی وہ اپنا وقت مطالعہ میں صرف کیا کرتا تھا۔ سلیم الطبع۔ حلیم المزاج۔ نیک دل۔ خوش اخلاق۔ سب لوگ اُس کو تعظیم اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ مفلسی کے دن وہ اپنی بیوی کی نگاہ میں دیوتا تھا۔ اب وہ اُس کو سنت سمجھنے لگی۔ دولت اور حیثیت سمجھنے لگی دولت اور حیثیت نے اُسکی طرزِ رہائش میں تبدیلی ضرور پیدا کر دی مگر اُسکی عادت و اطوار میں ذرا بھی فرق نہیں

آیا۔ جیسے وہ پہلے طالب علم تھا ویسے ہی اب بھی تھا۔ دل و دماغ اصلی حالت میں تھے۔ صرف جسم کے اوپر کا لباس تبدیل ہو گیا تھا ؛

راجہ اُس کی ذہانت۔ اُس کی سادگی اور اُس کی دانشمندی سے خوش تھا۔ تھوڑے ہی دنوں بعد وہ سلطنت کے کسی صیغہ کا وزیر مقرر کر دیا گیا۔ اور چونکہ وہ دل سے اپنے فرض کو انجام دیتا تھا۔ وہ صیغہ تمام صیغوں سے زیادہ کامیاب سمجھا جانے لگا ؛

درباری اُس کے حاسد ہو گئے۔ ایک بھکاری بھکشو کو یہ رُتبہ ملا۔ کہ وہ وزیروں کے ساتھ بیٹھے اور اُن پر حکومت کرنے لگا۔ یہ بات شاہی اہل کاروں کو پسند نہیں تھی۔ سرگوشیاں ہونے لگیں۔ راجہ کے کان بھرے جانے لگے۔ طرح طرح کی افواہیں اُڑنے لگیں۔ ایک شخص نے راجہ سے کہا "خداوند! یہ شخص بڑا جادوگر ہے۔ آپکو شیشہ میں جادو کی مدد سے اُتار لیا ہے۔ لوگ کہتے ہیں آپ کے پاس حاضر ہونے سے پہلے وہ اپنے گھر کی ایک کوٹھڑی میں جاتا ہے جو ہر وقت مقفل رہتی ہے۔ اُس میں ایک چاندی کا چھوٹا صندوقچہ ہے وہ اُس کے جادو کا پٹارا ہے۔ اُس کو کھولکر عمل شغل کرتا ہے اُس کے بعد آپ کے پاس آتا ہے۔ اگر یہ جادوگر نہ ہوتا تو اتنی جلدی وزیر کیسے بن جاتا ؟

حضور ہوشیار رہیں۔ بھیک مانگنے والے اتنی جلدی ترقی نہیں کر سکتے۔ یہ صرف جادو کا کرتب ہے آپ اسکے بس میں ہیں۔ اب وہ آپ کا وزیر ہو گیا ہے آئندہ کون جانے۔ کیا فکر کرے۔ اُس کے پٹارے سے غافل نہ رہنا چاہئے +

پہلے تو راجہ اپنے درباریوں اور مشیروں کی سادگی پر ہنستا رہا۔ مگر جب ایک بات بار بار کہی گئی اور اُس کے رشتہ دار عزیز و اقارب بھی خوف میں آکر کان بھرنے لگے۔ اُس کے دل میں بھی کسی قدر شبہ اپنے وزیر کے برخلاف پیدا ہوا۔ ایک دن وہ تمام شکایت کرنے والے درباریوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگا "میں تمہاری شکایات سنتے سنتے گھبرا گیا۔ آج چلو ہم سب خود اُس کے جادو کے پٹارہ کی تلاشی لیں"

مشیر اور وزیروں کو ساتھ لے کر وہ اُس دانشمند کے گھر کی طرف گیا۔ اُس سادہ مزاج شخص نے عزت اور محبت کے ساتھ سب کا خیر مقدم کیا۔ یہ وہی گھر تھا جو راجہ نے اسکو دیا تھا۔ جب صاحب سلامت ہو چکی راجہ نے کہا "تم بلا تامل میرے دربار میں چلو۔ چند نہایت اہم معاملے پیش آ گئے ہیں۔ میں تم سے رائے لینا چاہتا ہوں"

اُس نے سوچ کر راجہ سے کہا "اگر حضور۔ اجازت

دیں تو میں دو لمحہ کے لئے تنہائی میں جا کر ذرا سوچ لوں، پھر حاضر ہوں "

یہ کہنا تھا کہ درباری آپس میں آنکھوں سے اشارہ کرنے لگے ۔ راجہ نے کہا " میں چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ جلد چلو "

اُس نے پھر پس و پیش کیا ۔ اور مؤدبانہ لہجہ میں عرض کی " خداوندا صرف ایک لمحہ کے لئے اندر جانے کی اجازت عطا کی جائے ؛

راجہ کے دل میں طرح طرح کے خیالات پیدا ہوئے اُس نے پوچھا " تنہائی میں جا کر تو کیا کریگا ؟"

اُس نے جواب دیا " خداوند نعمت ! صرف ایک لمحہ بات ہے ۔ ذرا میں اس کمرہ میں جا کر ابھی حضور کے ساتھ محل کی طرف چلتا ہوں "

درباری خوشی سے دل ہی دل میں اُچھلنے لگے ۔ راجہ اُٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا " دوست ! میں بھی تیرے ساتھ ساتھ چلونگا "

وزیر ڈر گیا کہنے لگا " حضور تکلیف نہ کریں جہاں میں جاتا ہوں وہ جگہ حضور کے قابل نہیں ہے ۔ حضور میری اس میں اصلی دولت ہے ۔ حضور کی نگاہ میں اُس کی قدر نہ ہوگی "

راجہ نے سمجھا ۔ افواہ صحیح ہے ۔ یہ شخص ضرور جادوگر

ہے۔ اُس نے ضد کیا۔ کہ مجھ کو بھی ساتھ ساتھ لے چلیں سب، اُس کمرے میں داخل ہوئے۔ نہ وہاں فرش و فروش کا سامان تھا۔ نہ دولت و حشمت کی کوئی چیز تھی۔ الماریوں میں کتابیں چُنی تھیں۔ ایک طرف چاروں وید رکھے ہوئے تھے۔ دوسری طرف برہمن گرنتھ تھے۔ تیسری طرف اُپنشدیں اور درشنوں کے رسالے تھے۔ چوتھی طرف نظم و ناٹک کی کتابیں تھیں۔ کمرہ کے بیچ میں ایک چاندی کا پٹارہ رکھا تھا۔ وزیر نے راجہ کی طرف نگاہ کی۔ راجہ نے حیرت سے اُس کی طرف دیکھا مگر کسی نے کوئی بات نہیں کی۔ اُس نے پٹارے کے ڈھکنے کو اُٹھایا۔ اُس کے بھیتر پھٹے پُرانے کپڑوں کا بنڈل رکھا ہوا تھا ✦

راجہ نے حیرت اور خوف کے لہجہ سے پوچھا "یہ کیا ہے؟"

اُس نے کہا "خداوندِ نعمت! یہ وہ کپڑے ہیں۔ جو میں مُفلسی کے زمانے میں پہنا کرتا تھا۔ میں نے اُن کو رکھ چھوڑا ہے۔ تاکہ روزانہ اُن کو دیکھکر بھول نہ جاؤں کہ میں پہلے کون تھا۔ آپکے دربار میں جاتے سمے میں تھوڑی دیر کے لئے ان کو دیکھ لیتا ہوں۔ کبھی پہن بھی لیتا ہوں۔ تاکہ یاد رہے کہ میری پہلی حالت کیا تھی۔ یہ مجھ کو یاد دلاتے رہتے ہیں۔ کہ میں کون تھا۔ اب کیا ہوں۔ مفلسی کیا حالت ہوتی ہے۔ دولت کیا چیز

ہے اور صرف اسی بات کے برابر یاد رکھنے کے لئے
میں نے ان کو بڑی احتیاط کے ساتھ رکھ کر چھوڑا ہے۔"
راجہ نے تعجب اور حیرت سے اس کی بات کو سُنا۔
اور تمام وزیروں کے ساتھ دربار میں واپس آ کر نفرت
اور حقارت کے ساتھ اُنکو کہا۔ دوستو! میں جادو کی
کوٹھڑی کو دیکھ آیا۔ جادو کا پٹارہ بھی میری نگاہ سے
گذرا۔ جادو کی چیز بھی میں نے دیکھی۔ اب میں اس
جادوگر کو جس کی روز بروز شکائت کرتے تھے۔ سزا
دینے کو تیار ہوں۔ سزا یہ ہے کہ آج سے یہ شخص
میری تمام سلطنت کا وزیر اعظم مقرر کیا جاتا ہے۔
اور تم سب لوگ اس کو میرا نائب اور مدارالمہام
سمجھو۔"

۶۔ رام کی موج

کسی گاؤں میں ایک دولتمند زمیندار رہتا تھا۔
اُس کے ایک ہی لڑکا تھا۔ جو حد درجہ کا ذہین۔
نیک اور فرمانبردار تھا۔ ماں باپ اس کو دل سے پیار
کرتے تھے۔ اور مالک سے ہمیشہ اس کی بہتری و ترقی
کیلئے دعائیں مانگا کرتے تھے۔
اتفاق سے ایک دن لڑکا سخت بیمار پڑ گیا۔ اُس

کی حالت بگڑتی گئی۔ ماں باپ سخت گھبرا گئے۔ کیونکہ اُسکے سوا اُنکی اور کوئی اولاد نہ تھی*

اسی گاؤں کے کنارے پہاڑ کے دامن میں برسوں سے ایک سادھو رہتا تھا جو پاک دل اور پاک خیال سمجھا جاتا تھا۔ آس پاس کے آدمی اُس کے پاس اُپدیش پانے کے لئے آتے رہتے تھے۔ لڑکے کا باپ پریشان ہو کر اُس سادھو کے پاس اپنے دُکھ درد کا قصّہ سُنانے آیا اور ساشٹانگ ڈنڈوت کرکے بولا:-

"مہاتمن! میرا اکلوتا بیٹا قریب المرگ ہے۔ آپ دُعا دیجئے۔ تاکہ اُس کی جان بچ جائے۔ اور ہم سب لوگ اُسکی سلامتی میں خوش ہوں"*

سادھو نے زمیندار کو دیکھا اور آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر پریم اور بھگتی کے لہجہ میں کہا "رام! تیری اِچھا پورن ہو۔ جو تو کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے۔ بھگوان! سب کام تیری موج کے موافق ہونا چاہیئے"

زمیندار نے بے صبری سے یہ باتیں سُنیں۔ اور دل میں ناراض ہو کر کہنے لگا:-

"گاؤں میں سب لوگ اس کو سنت کہتے ہیں۔ میں اُس کے پاس اس غرض سے آیا کہ یہ مجھ کو تسلی دے اور میرے لڑکے کے لئے دعائیں کرے مگر یہ میرے بیٹے کے قریب المرگ ہونے کی خبر سُن کر کہتا ہے کہ جو

رام کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے۔ گویا میرے لڑکے کا مرجانا اُس کے نزدیک بہت اچھا ہے"۔

غمگین اور بد دل ہو کر زمیندار وہاں سے لوٹا اُس کے چلتے وقت سادھو نے پھر اُسی لہجہ میں کہا۔ رام! تیری اچھا پورن ہو۔ جو تو کرتا ہے اچھا کرتا ہے۔ بھگوان! سب کام تیری موج کے موافق ہونا چاہئے

کئی دن گذر گئے اور زمیندار رنج اور دُکھ کے صدمہ سے ستایا ہوا دوسری مرتبہ پھر سادھو کے پاس آیا۔ اور کہا۔ مہاتمن! میرا اکلوتا لڑکا مر گیا۔ وہ جو میری آنکھوں کا تارا تھا غائب ہو گیا۔ میں سخت دُکھی ہوں۔ مجھ میں اس دُکھ کے برداشت کرنے کی طاقت نہیں ہے تم مجھ کو تسلی دو تاکہ مجھ کو شانتی ملے۔ ہائے میرا لڑکا مر گیا۔

سادھو نے پھر اپنی آنکھیں آسمان کی طرف اُٹھائیں اور پریم بھگتی کے لہجہ میں کہنے لگا:۔

"رام! تیری اِچھّا پورن ہو۔ جو تُو کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے۔ بھگوان کام تیری موج کے موافق ہی ہونا چاہیئے"۔

یہ سُن کر زمیندار کے دل میں غصّہ کی آگ مشتعل ہو گئی۔ اُس نے سمجھا "سادھو میرے ساتھ ہنسی اور ٹھٹھا کرتا ہے"۔ اور دل میں بدلہ لینے کا مصمم ارادہ

کرکے وہاں سے چلا آیا۔ رنج نے اُس کی عقل کو
خراب کر دیا تھا۔ وہ اس اصول کو نہیں سمجھتا
تھا جسکے سانچے میں سادھو نے اپنی زندگی ڈھال رکھی
تھی ؞

رات کے وقت جب سب لوگ سو رہے تھے صرف
آسمان اپنی آنکھوں کو کھولے ہوئے سوئے ہوئے
عالم کو دیکھ زمیندار اُٹھ کھڑا ہوا اور اُس سادھو سے بدلہ
لینے کی نیت سے دیکھتا تھا۔ اُسنے دل میں ٹھان لی "میں
اس سنگدل سادھو کو بغیر قتل کئے ہوئے نہ چھوڑونگا۔
یہ مکار قتل کے قابل ہے۔ دنیا اس سے ہمدردی کی
اُمید رکھتی ہے۔ یہ مخول کیا کرتا ہے۔ لوگ اسکو پاک
بزرگ سمجھتے ہیں مگر یہ اصل میں مکار اور دھوکا باز
ہے۔ یہ بھیڑیا ہے جو بکری کی کھال اوڑھے ہوئے گلّہ
میں داخل ہو گیا ہے اِسکا مارنا ہی ثواب ہوگا ؞

اس طرح اپنے رنج کی وجہ سے اندھا بن کر وہ
اس مقام پر آیا جہاں درخت کے تلے بیٹھ کر سادھو
بھگوت بھجن کیا کرتا تھا۔ مگر حُسن اتفاق! اس وقت وہ
وہاں موجود نہ تھا۔ اپنے معمول کے برخلاف اس رات
کو وہ ندی کے کنارے چلا گیا تھا جہاں ہر روز
صبح اشنان دھیان کرنے جایا کرتا تھا جسوقت زمیندار
یہاں بدلہ لینے کے مضبوط ارادہ سے اُس کا انتظار

کر رہا تھا۔ وہ غریب نیک مزاج سادھو دریا کے کنارے بیٹھا ہوا دھیان میں مصروف تھا۔ اُسکو خبر بھی نہ تھی۔ کہ دشمن جان کا پیاسا بن کر اُسکو مارنے آیا ہے ❖

اس دھیان کی حالت میں وہ اِسقدر محو ہو گیا تھا۔ کہ تن بدن تک کا خیال نہ رہا۔ زمیندار دیر تک جھونپڑے کے قریب ٹھہرا رہا۔ مگر جب سادھو نہیں آیا۔ اُس نے سوچا۔ چلو دریا کے کنارے چلکر دیکھیں۔ شاید وہاں نہ گیا ہو۔ اور جس وقت وہ واپس آنے لگا۔ میں جھاڑی میں چھُپا ہوا کود کر اُس کی گردن مروڑ دونگا۔ اور اُس ریاکاری کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر دونگا ❖

اس عرصہ میں وہ مہاتما اپنی عبادت سے فراغ ہوا اور مست ہو کر حقانی راگ گاتا ہوا جھونپڑے کی طرف روانہ ہوا۔ رات بہت خوبصورت تھی۔ ستارے کھلے ہوئے تھے۔ سادھو اپنے جذبہ میں بے خود ہو کر جا رہا تھا راہ میں ایک آم کے درخت سے اس کا سر ٹکرا گیا۔ اُس نے کہا "رام! تیری اِچھا پُورن ہو۔ جو تو کرتا ہے۔ اچھا کرتا ہے۔ بھگون! سب کام تیری موج کے موافق ہونا چاہیئے۔ اس خفیف صدمہ سے تو نے میری ہدایت کی۔ کہ میں آج دوسری راہ سے ہو کر گھر جاؤں" یہ کہہ اُسنے دوسری راہ اختیار کی جو گھنے جنگل سے ہو کر گئی تھی ❖

زمیندار نے اُسکو دیکھ لیا۔ وہ بھی پیچھے پیچھے چلا اُس

نے سوچا" اب یہ کہاں بچ کر جا سکتا ہے۔ میں اُس کو پکڑ کر آج بغیر مارے نہ چھوڑونگا" اور اُس نے ہاتھ میں موٹا ڈنڈا لے کر اُس کا تعاقب کیا۔ وہ برابر سادھو کو دیکھتا رہا۔ اتنے میں وہ نظر سے غائب ہو گیا اور گھنے جنگل میں چھپ رہا۔

زمیندار جھپٹا۔ دیکھتا کیا ہے کہ سادھو ایک ٹیلے کے نیچے گرا ہوا پڑا ہے۔ اُس کے سر سے خون بہ رہا ہے۔ چہرہ سفید ہو گیا ہے۔ مگر پھر بھی وہ اُسی پریم و بھگتی کے لہجہ میں جو اُس سے مخصوص تھا کہہ رہا تھا" رام تیری اِچھا پُورن ہو۔ جو تو کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے بھگوان! سب کام تیری مَوج کے موافق ہی ہوں"

زمیندار نے سادھو کی باتیں سُنیں۔ اُس وقت اُس کو سمجھ آئی کہ سادھو کیوں یہ جملے ہمیشہ استعمال کیا کرتا تھا۔ اُس نے اپنے آپ کو پرماتما کی مرضی کے حوالے کر رکھا تھا۔ وہ اس قسم کا تقدس مآب شخص تھا۔ جو مصیبت اور دُکھ کے وقت بھی پرماتما کے "اپار اور انت گیان" کا قائل ہو کر رضا اور تسلیم کے اصول کو ہاتھ سے نہیں دیتا تھا" رام! تیری اِچھا پورن ہو جو تو کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے۔ بھگوان! سب کام تیری موج کے موافق ہو"

ا۔ جو خدا بالذّت دہر سے دل بوالہوس ہے خطا طلب

کوئی با خطا بھی نہ یوں ہوا کبھی اپنے حق میں دعا طلب

۲۔ کرے دہر سے جو وفا طلب وہ ہے اپنے حق میں جفا طلب
یہ ہے ناسزا۔ یہ ہے بیوفا وہ حق کی اس کو ہو کیا طلب

۳۔ جسے وصلِ یار کا شوق ہو جسے اُس سے ملنے کا ذوق ہو
کرے حق سے راہِ فنا طلب کرے دل سے آہ رسا طلب

۴۔ جو تو مرے اپنی حیات میں تو وہ نیستی ہے ثبات میں
جو وفا قبل ممات ہے۔ نہیں پھر وہ جور قضا طلب

۵۔ در دل کو اپنے جو کھول دے کوئی پردہ گر نہ ہو سامنے
تو شعاع مہر نگار خود ترے گھر میں آئے بِلا طلب

۶۔ رہ جستجو میں ہو گم اگر۔ تو ملے نہ اپنی تجھے خبر
ترے ہوش اُڑتے کیواسطے کریں تجھ سے بال ہما طلب

۷۔ ہے دامن اس پہ جو اے صبا خضر قناعت و صبر کا
تو چراغ خاطر بوالہوس نہ ہو باد حرص و ہوا طلب[ل]

زمیندار کا دل سادھو کے حیرت انگیز کلام کو سُن کر اُس کی رضا و تسلیم کی مضبوطی کو دیکھ کر اُسی وقت بدل گیا۔ اُس نے جھٹ پٹ سادھو کو پٹان کے دڑہ سے نکالا۔ اس کی پیشانی کو پانی لاکر دھو دیا۔ اور اپنا رومال زخم پر کس کر باندھ دیا۔ اور پھر عاجزانہ اور حجابانہ لہجہ میں کہا:۔

"اے مہاتما! میں بُری نیت سے تیرے تعاقب میں آیا

ل اقتباس از نظم طالب (آزاد)۔

تھا۔ میں یہاں تیرے زخم پہ پٹی باندھنے نہیں آیا تھا میرے
دل میں بدلہ کی آگ مشتعل ہو رہی تھی۔ میں نے تیری
بات پہلے نہیں سمجھی تھی۔ اب جا کر مجھ کو اُس کی سمجھ
آئی ہے۔ اے نیک بزرگ! تو اس قسم کا برگزیدہ انسان
ہے جو ایشور کے دئے ہوئے زہر کو بھی آبحیات سمجھکر
پی جایا کرتے ہیں۔ تو اپنی بے نظیر بھگتی کے خیال سے
میرے لڑکے کی موت میں چھپی ہوئی برکت دیکھی۔ جیسا
کہ تو خود اس وقت اپنی مصیبت کے وقت اپنی مثال
سے ثابت کر رہا ہے۔ مہاتمن! مجھ کو معاف کر دے۔
میں گنہگار ہوں۔ پاپی ہوں۔ میں تیرے قتل کے
درپے تھا۔ چل میں تجھ کو تیرے آسن تک پہنچا آؤں"
اور اُس سادھو نے سر کو بلند کر کے کہا "رام تیری
اِچھا پورن ہو۔ جو تو کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے بھگون
سب کام تیری سوچ کے موافق ہونا چاہیئے۔ تو نے
اس وقت سولی کا کانٹا کر دیا۔ موت کی مصیبت کو
معمولی خراش کی صورت میں تبدیل کر دیا۔ پربھو! تیری
مایا اپرم پار ہے۔ تو نے اس آدمی سے بچنے کیلئے میری
راہ اس چٹان کی طرف پھیر دی۔ اس نے بے شک
غلطی سے مجھے مار دیا ہوتا۔ مگر تو نے اپنی دیا سے مجھ
کو بچا لیا۔ اور اُس کو مہربان بنا دیا۔ رام! تو جو
کچھ کرتا ہے اچھا کرتا ہے۔ تیری اِچھا پورن ہو۔

زمیندار اُس کے پاؤں پر گرا۔ اور پھر وہ تھوڑے دنوں کے بعد بھگتی کے رنگ سے رنگ دیا گیا ؂

۷۔ شانتی کا منتر

ہر سخن موقعہ و ہر نکتہ مکانے دارد
(ایک فلاسفر کا مقولہ)

کہتے ہیں کسی ملک کے باشندے اتنے بے چین اور غمگین رہتے تھے کہ اُن کو کسی طرح یہ زندگی قابلِ برداشت نہیں معلوم ہوتی تھی۔ زندگی کا تاریک پہلو ہر وقت اُن کے سامنے رہتا تھا۔ اور وہ نہ تو ایشور کی کائنات کی خوبصورتی کو دیکھکر مسرور ہوتے نہ دنیا کے کسی فرحت بخش نظارہ سے خوشی حاصل کرتے۔ اگر پانی برسنے لگتا تو وہ سیلاب کے خوف سے گھبرا اُٹھتے۔ اگر گرمی کا موسم آتا۔ تو اُس کی شکایت۔ غرضیکہ صبح سے شام تک ہر شخص کی زبان کسی نہ کسی تردد کی شکایت کرتی رہتی تھی۔ کسی کو اچھے نوکر نہیں ملتے تھے۔ کسی کا نوکروں کی بد دیانتی سے ناک میں دم تھا ؂

ایک دن اتفاق سے ایک سادھو پہاڑ کی چوٹی پر نمودار ہوا اور وہاں سے اُس بد نصیب ملک

کے آدمیوں کی حالت پر غور کرتا ہوا اپنے دلمیں سوچنے لگا "چلو اُن کو اس رنج و الم کے ہاتھوں نجات دیں۔ اور شانتی کے منتر سے واقف کر کے اس بے قراری اور اضطراب کی حالت کو مٹا دیں"۔

جب وہ نیچے اُترا۔ سڑک پر ایک آدمی ملا۔ جو بہت بد حواس تھا۔ سادھو نے ہنس کر پوچھا "دوست کیوں پریشان ہو؟ کیا بات ہے؟" اُس نے جواب میں سر اونچا کیا۔ اور کہا۔ "نہ دن کو چین نہ رات کو آرام۔ مصیبت کے ہاتھوں سخت تنگ ہوں۔ میں بادشاہ کا حجام ہوں۔ میں نے حکم دیا تھا۔ کہ شاہزادہ کی حجامت کے لئے موتی کے دستہ کا اُسترا تیار کرا دیا جائے۔ وہ اب تک نہیں بنا۔ اس دنیا میں مجھ سے زیادہ بد نصیب کون آدمی ہوگا!"

سادھو خاموشی اور حیرت سے دو لمحہ تک اُس آدمی کو دیکھا کیا۔ اور پھر بولا۔ "دوست! سنو میں شانتی کا منتر جانتا ہوں۔ اگر تم کو اس کی واقفیت ہو تو تمہارا سارا غم بات کی بات میں غلط ہو جائے"!

حجام کو سادھو کی بات کا یقین نہیں تھا۔ کہنے لگا "ممکن ہے دوسروں کو اس سے کچھ نفع پہنچے۔ میرے رنج و افکار خیالی و فرضی نہیں۔ جب وقت

پر اُتر انہ ملے۔ کیسے ممکن ہے میرے دل کو چین آوے۔ سادھو نے پاس جا کر اُسکے کانوں سے لگ کر کہا "میں اس منتر کے لئے روپیہ لیتا ہوں" حجام سُن کر چونک پڑا "اِس قدر بڑی رقم" مگر پھر ضبط کر کے بولا "اچھا مجھ کو یہ راز بتا دو۔ میں شہر میں چل کر تم کو روپیہ گن دونگا"

سادھو بولا "رام رام! تم سمجھتے ہو اس قدر قیمتی راز تم کو سڑک پر بتایا جائے۔ اس وقت تم گھر جاؤ۔ تین دن تک متواتر روزہ رکھو۔ اور شانتی کے مضمون پر غور کرتے رہو۔ اور جب تعظیم اور اعتقاد کے ساتھ میرے پاس آؤگے تب میں تمکو شانتی کے منتر کا اُپدیش سُناؤنگا۔

حجام شرمندہ ہو گیا۔ سچ مچ اُس نادان نے سمجھا تھا۔ کہ "شانتی کا منتر" کوئی معمولی سی چیز ہوگی۔ دونو خاموشی و سکوت کیساتھ وہاں سے روانہ ہوئے۔

حجام نے سادھو کی ہدایت پر عمل کیا اور تین دن برت رکھنے اور شانتی پر وچار کرنے کے بعد وہ ادب کیساتھ سادھو کے حجرہ کی طرف آیا۔ سادھو نے کہا "اگر تم سخت سے سخت قسم کھاؤ کہ یہ منتر اور کسی کو نہ بتاؤگے تو میں تم کو اپنا چیلا کرونگا" حجام نے قسم کھائی تب سادھو پہاڑ کے خوشنما دامن اور فرحت بخش

وادی سے گذرتے ہوئے۔ سورج دیوتا کے جلال کو دکھلاتے ہوئے شانتی بھون میں لے گیا۔ جہاں وہ مرید بناتا تھا۔ دو دن تک کسی نے حجام کو نہیں دیکھا تیسرے دن دروازہ کھلا اور وہ ہنستا ہوا نکلا۔ چہرہ پر بشاشت کے آثار نمودار تھے۔ آنکھوں سے مسرت کا اظہار ہوتا تھا۔ جس نے دیکھا تعجب کیا۔

اُسی دن شاہی محل میں وہ حجامت بنانے گیا بادشاہ کا چچا نہایت فکر و تردد کی حالت میں تھا۔ رنج کی وجہ سے اُس کے چہرے پر اتنے شکن پڑ گئے تھے کہ حجام کو اُسترا لگانا مشکل معلوم ہوا اور وہ کہتا جاتا تھا اِس دکھدائی دنیا میں کسی کو کیسے چین مل سکتا ہے۔ اُمید کی جاتی ہے کہ آج نہیں تو کل کچھ آرام ملے گا۔ مگر

مشکل ایں است کہ ہر روز بتر مے بینم

میں بڈھا ہوں۔ میری ضرورت کے سامان ضرور مہیا ہو جانے چاہئیں مگر نہیں۔ کون سنتا ہے۔ میری گاڑی ٹوٹ گئی گھوڑا لنگڑا ہو گیا۔ مجھکو جانا ہے۔ میں یقین کرتا ہوں بارش ضرور ہو گی۔ یا مصیبت! کہیں تیری حد بھی ہے؟ کوئی میرے سفید بالوں کا لحاظ بھی نہیں کرتا۔

حجام کے دل میں ترس آیا۔ اُس نے چپکے سے اس سادھو کا ذکر کیا جو شانتی کا منتر بتاتا تھا۔

بادشاہ کا چچا بھی اُس کا مرید بن گیا اور اُس کی

شانتی اور سنجیدگی لوگوں کی حیرت کا باعث ہوئی پھر
سادھو کے حجرہ کے قریب وہ بھیڑ اکٹھا ہونے لگی کہ
تل رکھنے کو بھی جگہ نہیں ملتی تھی۔ اور باری باری سے
سب نے اُس کی شاگردی قبول کی اور تمام مُلک میں
شانتی اور امن و امان کی روح پھونکدی گئی پہلی بداطمینانی
و بےچینی کافور ہوگئی۔ اور جب شاہی خاندان کا کوئی وارث
نہ رہا۔ باشندوں نے اتفاق رلئے سے سادھو کو ہی
بادشاہ بنانا چاہا۔ پہلے تو اس کو بہت کچھ اعتراض تھا
مگر سب کا رُخ دیکھ کر اُس نے اُن کی درخواست
منظور کر لی۔ اور اُسکے عہد میں کبھی کسی نے بھی کسی
طرح کی شکایت نہیں کی ٭

اس سادہو کے ایک لڑکا تھا۔ اور جیسا کہ مشہور
ہے "عقلمند کے گھر نادان اور ولی کے گھر شیطان" پیدا
ہوتے ہیں۔ یہ لڑکا بھی نہایت بدتمیز اور نادان نکلا۔ تاہم
بادشاہ کو کچھ فکر نہ تھی "بڑا ہونے پر اسی شانتی منتر کے
اُپدیش سے سب کچھ درست ہو جائیگا"

وزیروں نے بادشاہ سے کہا۔ شاہزادہ عجیب قسم کا
مخلوق ہے وہ کہتا پھرتا ہے کیسا منتر اور کیسا جنتر۔
کیسی شانتی کیسی برانتی! کسی سے کچھ نہ چھپاؤ۔ سانچ کو
کیا آنچ! باطل عقائد کی بیخکنی کرو۔ صرف سچائی کی اشاعت
ہو۔ اور چاہے بُرا ہو یا بھلا۔ سچ کے سوا مُنہ سے

کوئی بات نہ نکلے ؎
بادشاہ ہنسا اور کہا ابھی لڑکا ہے۔ نا تجربہ کار ہے وقت پر سب کچھ ہو جائیگا۔ اور اُس کی سمجھ میں آنے لگیگا کہ

ہر سخن موقع و ہر نقطہ مکانے دارد

شانتی منتر کے اُپدیش کے لئے اکیس برس کی عمر مقرر کی تھی۔ بادشاہ کو خیال تھا جب وہ اس عمر کو پہنچے گا منتر بنا دیا جائیگا۔ اور وہ باتمیز اور تجربہ کار ہو جائیگا۔

مگر دنیا میں کوئی کس بات کا اعتبار کرے ؎

ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال

ابھی اکیس برس پورے ہونے پر نہیں آئے تھے کہ بادشاہ سلامت نے داعی اجل کو لبیک کہا اور بغیر شانتی منتر کا اُپدیش پائے ہوئے نوجوان ضدی اور پُر جوش لڑکے کو تخت پر بٹھا دیا گیا ؎
ممکن تھا۔ دیرینہ سال باپ کی تعلیم اثر پیدا کرتی کیونکہ وہ جانتا تھا۔ کس طرح منتر کا اُپدیش کیا جاتا ہے۔ دنیا میں زیادہ خرابیاں اس وجہ سے واقع ہوتی ہیں کہ لوگ مزاج شناس کم ہوتے ہیں۔ بہت سے ضعیف سفید ریش والے بڈھے اکٹھے ہوئے۔ اور نئے نوجوان بادشاہ کو شانتی بھون کی طرف لے چلے

جہاں "منتر" کان میں پھونکے جانے کو تھا۔ نوجوان کی آنکھوں سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اس رسم کو حقارت سے دیکھتا ہے۔ وہ غلط فہمی سے اپنے باپ کو بھی فاترالعقل۔ بداعتقاد اور کٹر سمجھنے لگا تھا۔ اور جب اُس کو منتر سُنایا گیا۔ اُس نے اپنے نوجوان اور گرم خون والے دل میں سوچا۔" یہ محض دھوکا ہے۔ فریب' ڈھکوسلا ہے۔ میرا پہلا کام یہ ہوگا کہ میں اپنی رعایا کو اس باطل پرستی کے ہاتھ سے نجات دوں۔ اور ان کو بتاؤں کہ سچ سے بہتر کوئی مذہب نہیں ہے"۔

چیلا بنانے کا طریقہ یہ تھا:۔

برت رکھنے کے بعد انسان کا دل خود کسی قدر شانت ہو جاتا ہے اور اسی دم رسم ادا کرنے کے بعد گورو شاگرد کو لے جا کر کہتا تھا۔" دیکھو یہ دُنیا نامکمل ہے۔ نہ کوئی اس کو مکمل کر سکتا ہے۔ اس میں ہمیشہ کسی نہ کسی بات کی کمی رہیگی۔ پھر کیوں ہم ہر وقت شکایت کرتے رہیں ۔

لوگ شفاخانے بنواتے ہیں۔ شہر بساتے ہیں مدرسے تعمیر کراتے ہیں۔ باغ۔ تالاب۔ مندر۔ سرائے سب بنوا دیتے ہیں۔ اُمید کی جاتی ہے سب سُکھی ہونگے۔ مگر ایک بھونچال آتا ہے سب گر پڑتا ہے اور انسان کا ہوائی قلعہ منہدم ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں

پھر کیوں ہم ہر وقت شکایت کرتے رہیں*

ہم ایک آدمی کو خیرات دے کر سمجھتے ہیں۔ اسکا بھلا کیا اور وہ ہمارا شکریہ ادا کرے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو ہم دُکھی ہوتے ہیں۔ بُرا بھلا کہتے ہیں۔ غریب ہمارا کیوں شکریہ ادا کرے۔ ہم نے اُسکا کیا اپکار کیا۔ وہ ہمارا محتاج نہ تھا نہ ہے۔ وہ ایشور کا بندہ ہے۔ ایشور اُس کا مالک ہے۔ اُسنے ہمارا اُپکار کیا کیونکہ اگر وہ نہ ہوتا تو ہم خیرات دیکر کس طرح اپنے دلکو فیاضی کی مشاقی کا موقع دیتے جو انسان کے بہترین اوصاف میں سے ہے۔ ایسی حالت میں پھر کیوں ہم ہر وقت شکایت کرتے رہیں*

لڑکے۔ باپ۔ جورو۔ متعلقین ہم کو اسواسطے ملے ہیں کہ ہم ان کی پرورش و پرداخت کرکے اپنے آپکو خوش رکھیں۔ دل راضی رہے کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ ان میں سے بعض دُکھدائی ہیں۔ بعض اچھے بعض بُرے ہیں۔ سبکو ایک حالت میں رکھنا مشکل ہے کیونکہ سب کے کرم جُدا جُدا سب کے خواص و سنکار جُدا جُدا ہیں۔ تم صرف اتنا کام کرو۔ اور کام دل سے کرو۔ ذاتی غرض و ذاتی نفع کا لحاظ نہ رکھو۔ ان میں سے کوئی تمہارا ساتھی نہیں ہے پھر ہم کیوں ہر وقت شکایت کرتے رہیں*

"دنیا کے باشندوں کے مذہب - اعتقاد - طرز روش جُداگانہ ہیں - خیال کرنے کا ڈھنگ مختلف ہے - یہ سوچنا کہ یہ سب ایک طریقہ اختیار کریں - ممکن نہیں ہر شخص کا مذہب اُسکے مزاج و طبعیت کے موافق ہوگا - دنیا میں مختلف قدرت کی جان ہے اور خیالی باتوں میں بالخصوص ہمیشہ اختلاف رہیگا - سب کو ایک خیال قبول کرنے کے لئے مجبور کرنے سے کُشت وخون ہوگا - پھر ہم کیوں ہر وقت شکایت کرتے رہیں "

نوکر چاکر - ماتحت ہمارے اور اپنے کرموں کے موافق ہمکو ملے ہیں - اُنکے ساتھ صرف مناسب و موزوں برتاؤ ہو - اگر کبھی بھول چوک ہو جاوے معاف کر دو - ہر وقت کے کوسنے سے تم دُکھی رہوگے - سوچو نوکر کے اخلاق کے درست کرنے اور رات دن اُسکو سخت و سست کہنے میں تمہارے بد اخلاق بن جانے کا خدشہ ہے - ایسی حالت میں پھر کیوں ہم ہر وقت شکایت کرتے رہیں *

" دنیا کا کام ہوتا ہے ہوا کریگا - کام دل لگا کر کرو - نتیجہ ایشور کے سپرد کرو - اگر کبھی کچھ بگڑ جائے خواہ کوئی چیز ہاتھ نہ آوے تو دکھی کیوں ہوتے ہو تمہارا فرض صرف کام کرنے کا ہے - تم اوزار ہو - تم کسی اور طاقت کے ماتحت ہو - جیسے کل کے

پُرزے اپنا اپنا کام کرتے رہتے ہیں۔ تم بھی کام کرو
اس سے زیادہ اپنی حیثیت نہ سمجھو۔ ایسی حالت میں
پھر کیوں ہم ہر وقت شکایت کرتے رہیں *
جب یہ اُپدیش ہو جاتا تھا تب منتر بتایا جاتا تھا
اور شاگرد کو کہا جاتا تھا " غصہ۔ رنج و مصیبت کے
وقت اسکا جاپ ہوتا رہے۔ منتر یہ ہے :۔

اگما پائی ہے سنسار
بھرا ہے اس میں بہت بکار
گیانی سمجھیں سارا سار
جڑ چیتن کا کریں بچار
جن میں سمجھ بوجھ نہیں یار
اُن کو جانو نپٹ گنوار
کام کرودھ لوبھ ہنکار
موہ میں بھرے ہمت ہار
اُن پر ہر دم کال کی مار
کبھی نہ سمجھیں گے وہ سار
ہے جو تجھ میں گورو کا پیار
جڑتا سے تو ہو جا نیار
یہ سب جڑ تو چیتن سار
اپنا شانت روپ لکھ یار

آسمان و زمین شانت ہو جا۔ سورج چاند تم میں

شانتی آوے۔ بسپتی تم شانت ہو جاؤ۔ پانی وایو اگنی شانت ہو۔ دیو و انترکش شانت بنو اور میں بھی شانت بن جاؤں“

یہ راز تھا۔ یہ شانتی کا منتر تھا۔ یہ نکتہ تھا۔ مگر بدتمیز شاہزادہ نے کہا ”واہ! اسی منتر کو بتا کر تم ہماری رعایا کا مال ہڑپ کر جاتے تھے۔ تم ہم کو دھوکا نہیں دے سکتے۔ ہم اس الم غلم کے پھندے میں نہیں پھنس سکتے“

بڈھے آدمیوں نے کہا ”آپ نوجوان ہیں۔ کم سے کم اتنا تو مان لیجئے۔ ہم میں بھی کچھ سمجھ ہے۔ اس منتر سے یہ کبھی مراد نہیں کہ وہ خود جادو کا اثر رکھتا ہے۔ وہ صرف انسان کے سوچنے کی قوت کو متحرک کرتا رہتا ہے۔ چند سال کے بعد آپ سمجھ جائینگے کہ یہ فضول اور ناکارہ نہیں ہے اسکے عمل سے مصیبتیں دوست بنکر انسان کو پختہ کار بناتی ہیں۔ ورنہ وہ پریشان ہو کر تباہی کے منہ میں چلا جاتا ہے۔ صرف منتر ہی نہیں بلکہ اُپدیش بھی کیسا مفید دیا جاتا ہے۔ جہاں آدمی نے ایک مرتبہ اس راز کو سمجھ لیا۔ پھر وہ کبھی نہیں گھبراتا۔ نہ ذرا ذرا سی کسی کی خفیف الحرکاتی پر غصہ کرتا ہے۔ آپ اس کی بے قدری محض اس وجہ سے کر رہے ہیں۔ کہ یہ آپ کو مفت میں مل رہا ہے۔ ایسا نہ

ہونا چاہیئے "۔

نوجوان بادشاہ کو سخت نفرت ہوئی۔ وہ کہنے لگا تم لوگ بوڑھے ہو گئے۔ تمہاری عقل بھی بڈھی ہے۔ تمکو اپنے آتما پر بالکل بھروسہ نہیں۔ منتر کا ڈھکوسلا بناتے ہو۔ اور دو چار اچھی باتیں لیکر اس میں باطل اعتقادی شامل کرتے ہو۔ میری سلطنت میں کبھی اگیان کی ترقی نہ ہوگی۔ میں منتر جنتر کی جڑ اکھیڑ کر پھینک دونگا اور کل ہی میں 'سچ' کا اعلان کر دونگا "۔

دوسرے دن تمام شہر میں ہلڑ مچ گیا کہ بادشاہ اپنے محل کے کوٹھے سے عام آدمیوں کو سچائی کی تلقین کریگا اور بلا امیدواری کی تکلیف دئے ہوئے شانتی کے منتر کو بتاویگا۔ اور یہی نہیں بلکہ اس کا پول بھی کھولیگا وقت مقررہ پر محل کے نیچے وہ ہجوم ہوا کہ جسکی حد نہیں۔ دارالسلطنت کے باشندوں کے علاوہ قرب و جوار دیہات کے باشندے بھی آئے اور بڑی توجہ کے ساتھ شاہی تقریر کے انتظار میں کھڑے ہوئے +

بادشاہ سلامت بالاخانہ پر تشریف لائے انکو دیکھتے ہی عوام نے خوشی کے نعرے (چیرز) بلند کئے۔ اس طرح تالیاں پٹیں کہ آدمیوں کے کان بہرے ہو گئے۔ جب بادشاہ کے ہاتھ کے اشارے کو دیکھکر سب خاموش ہو گئے۔ تب آپ بولے "مابدولت آج تم کو شانتی

کا راز بتانا چاہتے ہیں۔ ہماری خواہش ہے ہماری رعایا اپنے اوپر وشواس رکھے اور جب کوئی مصیبت یا تکلیف کا وقت آوے یہ سمجھ لے "یہ سنسار اگما پائی ہے"۔ یہی ایک شانتی کا راز ہے اور کچھ نہیں "

مگر اس کا کچھ بھی سامعین پر اثر نہیں ہوا نہ بادشاہ کو خود اس کی کسی قدر اُمید تھی لیکن وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ عوام اُس کی تقریر کی بے عزتی کرینگے۔ جب وہ کہہ چکا ہر چہار طرف سے بڈھوں نے بہ آواز بلند کہا "نہیں یہ غلط ہے۔ اس کی بات کا یقین نہ کرو۔ اس نے تمام مدارج نہیں طے کئے۔ نہ اچھی طرح سب باتیں جانتا ہے۔ یہ صرف منتر کا ایک [illegible] ہے"

بادشاہ نے کہا "یہ لوگ سخت دھوکے باز ہیں۔ صرف تمہاری آنکھوں میں دھول ڈالنا چاہتے ہیں۔ اور تب اُس نے تمام رسم و رواج و پابندیوں کا حال کہہ سنایا۔ اور سارا منتر بھی سُنا دیا "

بڈھوں کو جو تکلیف ہوئی بیان سے باہر ہے۔ اُن کے وشواش کا قلعہ ٹوٹ گیا۔ جس بات کو وہ ساری زندگی قیمتی سمجھتے تھے وہ مٹی میں مل گئی۔ بادشاہ نے ایک گھونسا لگا کر اُس قلعہ کو جڑ سے اُکھاڑ دیا۔ سب کو غصہ آ گیا اور عوام نے کہا۔ اس بے رحم و سنگدل

بادشاہ سے بدلہ لینا چاہیئے جس نے ہمارے مذہب کی تحقیر کی اور ہم سے تمسخر کے ساتھ پیش آیا۔ اور سارا ہجوم محل کے دروازوں کو توڑنے لگا۔

محل کے اندر بادشاہ سلامت بند ہو گئے۔ وہ خود متحیر و خوفزدہ تھے۔ سفید ریش والے مشیروں کی آنکھ سے آنسو جاری ہوئے +

کسی طرح پھر امن و امان ہوا۔ عوام کو محل میں جانے کا موقع نہیں ملا۔ وہ بے دل۔ بد دل اور پریشان ہو کر اپنے اپنے گھر چلے گئے اور سب کے سب دُکھی رہنے لگے۔ بوڑھوں کو کون کہے نوجوانوں کے چہروں پر رنج کے شکن نمودار ہوئے اور مُلک کی جیسی پہلے حالت تھی پھر وہی ہو گئی۔ اور اُسکا نام "دُکھی دیش" پڑ گیا۔ پھر بادشاہ نے کتنی کوششیں کیں کہ وہی اگلی سی حالت پیدا ہو۔ مگر لاحاصل۔ کسی کو اس پر یقین نہیں آیا +

اُس نے بہت دن تک سلطنت کی لیکن زندگی کے کسی دن کو خوشی نصیب نہیں ہوئی۔ اور نہ اُس کے راج میں کوئی خوش نظر آیا +

ایک دن وہ اتفاق سے شکار کے لئے نکلا۔ کیا دیکھتا ہے۔ ایک سو سوا سو برس کا بوڑھا آدمی اُچھلتا کودتا جا رہا ہے۔ اور خوشی کے گیت بھی گا

رہا ہے۔ بادشاہ کو اپنے لڑکپن کی حالت یاد آئی۔ جب وُہ خود خوش تھا اور جب اُسکے بادشاہ کی رعیت بھی خوش تھی ۔

بڈھے کے سر پر بھاری بوجھ تھا۔ مگر وہ خوش تھا۔ اسکا نوجوان لڑکا ماتھر تھا۔ اُس کے منہ پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔ بادشاہ نے نوجوان کی طرف مخاطب ہو کہا۔ اس عمر میں بھی یہ بوڑھا خوش ہے۔ اس کا کیا سبب ہے؟ غمزدہ نوجوان لڑکے نے کہا یہ احمق اور اگیانی ہے۔ اسکو اب بھی شانتی کے منتریں وشواس ہے کیونکہ جب شانتی کے منتر کا پول کھولا گیا تھا یہ بہرہ ہو گیا تھا۔ اور اُس نے بادشاہ کی تقریر نہیں سُنی۔ نہ کسی نے اس سے کچھ کہا۔ نہ اسکو کچھ لکھنے پڑھنے کا شوق ہے"۔

بادشاہ نے گہری سانس کھینچی۔ بڈھے کی نگاہ اُس پر پڑی۔ جُھک کر فرشی سلام کیا اور یہ گیت گاتا ہوا وہاں سے اپنی راہ گیا:۔

سیر دنیا کی دم بدم کیجئے
کس کا شکوہ و کس کا غم کیجئے
چند روزہ یہ زندگانی ہے
کس لئے اپنی آنکھیں نم کیجئے

اُس کے گیت کی صدا سے میدان گونج اُٹھا درختوں کے پرند اپنے پر و بال پھڑپھڑاتے ہوئے

چمکنے لگے۔ مگر افسوس! بادشاہ سلامت کی جو کیفیت تھی وہ ناگفتہ بہ ہے!

گورو کی پتنگوں نے سب کچھ کیا

یہ دنیا عجیب و غریب ہے۔ ذرا اسکو چھیڑ دو پھر یہ گلے کا ہار بن جاتی ہے اور اُس سے چھٹکارا مشکل سے ملتا ہے۔ یہ کبھی مقصد نہیں ہے کہ انسان جھوٹے ویراگ کے زعم میں آکر ترک دُنیا کرے اور لنگوٹی لگا کر جنگل کی خاک چھانتا پھرے۔ بلکہ انسان کو چاہئے کہ وہ اصلیّت کو سمجھ کر خانہ داری کے تعلقات میں رہتا ہؤا بھی بے تعلقی کی زندگی بسر کرے۔ ورنہ اگر اُسنے ایک مرتبہ بھی غلطی کھائی اور سچائی کو نہیں سمجھا تو پھر اگیان اپنے سلسلہ میں زبردست جال بنتا جائیگا۔ اور انسان کو بُری طرح پھانس لیگا۔ دنیا کس طرح اپنی زنجیر کی کڑیوں میں اضافہ کرتی رہتی ہے۔ ذیل کے قصہ پر غور کرنے سے بہ آسانی سمجھ میں آجائیگا۔

کسی گاؤں میں گنگا کے کنارے سنسان جگہ میں ایک فقیر رہتا تھا۔ ایشور کی بندگی کے سوا اُسکو اور کچھ کام نہیں تھا۔

حرصِ دنیا مِل گئی تھی خاک میں
تھا تقدس اُسکی ذاتِ پاک میں

آس پاس گاؤں کے رہنے والے اُس کی تقدیس اور پاکی کی شہرت سُنکر اُس کے پاس آنے لگے ایشور کے بندوں کو وعظ و تلقین کرنا بھی سادھو کی شان کے خلاف تھا۔ گاؤں والوں کے بہ تکرار درخواست کرنے پر آخر اُس نے شام کے وقت ست سنگ کا وقت مقرر کیا۔ جو کوئی آتا۔ اُس کو وہ کتھا سُنایا کرتا۔ چونکہ آدمی سچا تھا۔ بہت لوگوں کی زندگیاں سُدھر گئیں اور وہ شانتی اور پریم کے ساتھ رہ کر ایشور کا بھجن کرنے لگے ؛

جب کچھ دن اس طرح پر گذر گئے۔ سادھو کو تیرتھ یاترا کا شوق پیدا ہؤا۔ جب گاؤں والوں کو خبر ملی۔ اُن کو ایک طرح کا رنج ہؤا۔ کیونکہ سادھو اُن کے درمیان نہایت ہر دل عزیز بن گیا تھا۔ سادھو کو کم سے کم چار برس باہر رہنا تھا۔ گاؤں والے اُس کے گرد جمع ہوئے۔ اُس نے سب کو دعائیں دیں اور درخواست کی کہ اُس کی عدم موجودگی میں اُس کے نوجوان چیلے کی برابر خبرگیری ہوتی رہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ چیلا روزانہ تم کو مقدس کتابوں کی کتھائیں سُناتا رہے گا۔ گاؤں والوں نے سادھو کی درخواست خوشی

خوشی سے منظور کی اور وعدہ کیا کہ لفظ بہ لفظ اُس کے حکم کی تعمیل ہوتی رہیگی ٭

دوسری صبح کا وقت آیا۔ گورو نے اپنی تمام مقدس کتابیں چیلے کے سپرد کیں اور تاکید کے ساتھ کہا: "ان کو چوہوں سے بچاتے رہنا ورنہ ایک ورق بھی ثابت نہ رہیگا"۔ چیلے کو گورو کی جدائی شاق گزری۔ مگر اُس نے یقین دلایا کہ کتابوں کی حفاظت میں جان تک سے دریغ نہ کرونگا ٭

گورو نے سب کچھ سمجھا بجھا کر تیرتھ یاترا کے لئے کوچ کر دیا۔ اور چیلا اُسی وقت سے کتابوں کی حفاظت و نگرانی کی طرف متوجہ ہؤا۔ غریب رات بھر ہاتھ میں لکڑی لئے ہوئے کتابوں کی نگرانی کرتا رہا۔ پلک سے پلک نہیں لگنے پائی ٭

دوسری شام کو گاؤں کے باشندے کتھا سننے کے لئے اکٹھا ہوئے مگر چیلے کی حالت خراب تھی۔ رات کی بیداری نے اُسکو پریشان کر رکھا تھا۔ جب سبب پوچھا گیا اس نے کہا گورو کا حکم ہے۔ کتابوں کی حفاظت کی جائے۔ میں چوہوں کے خوف سے ساری رات جاگتا ہی رہ گیا ٭

گاؤں والوں نے کہا: خیر کچھ مضائقہ نہیں۔ ہم تم کو ایک ہوشیار بلّی لادینگے اور اُس کے خوف

سے چوہے کتابوں کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے"۔
بلّی آ گئی - چوہوں کی طرف سے تو اطمینان ہو گیا
مگر اب بلّی کے دودھ کی فکر دامنگیر ہوئی - تب گاؤں
والوں نے پھر مشورہ کیا - آخر یہ رائے قرار پائی کہ
اس کو ایک دودھ دینے والی گائے خرید دینی چاہیئے
تاکہ بلّی بھوکی نہ رہے اور وہ چوہوں سے کتابوں کی
حفاظت کر سکے"۔

مگر یہ چیلا بھی عجیب دھن کا آدمی تھا - اُس نے
سُن رکھا تھا کہ گائے قابل پرستش ہے یہاں تک کہ
جب ماں کا دودھ نہیں ہوتا تب گائے اپنا دودھ
پلا کر انسان کے بچّے کی پرورش کرتی ہے - گائے کرشن
بھگوان کو پیاری تھی وہ اسی وجہ سے "گوپال" کہلاتے
تھے - اور اپنے لڑکپن کے زمانے میں گایوں ہی کے
چرانے میں مصروف رہتے تھے۔

یہ سب باتیں اُس کو خوب یاد تھیں - جب اُس کو
کتابوں کی طرف سے اطمینان ہو گیا - بلّی کو دودھ
ملنے لگا تو اب گائے کی حفاظت و پرستش کا مزید خیال
پیدا ہوُا - یہاں تک کہ اب بھی اُس کو شام کے وقت
کتھا سُنانے کا وقت نہیں ملتا تھا۔

گاؤں والے سخت پریشان ہوئے - بیچارے بعد
سادھو کی کُٹیا میں آتے - مگر اُپدیش سننے سے محروم

رہتے ۔ پھر اُن کی پنچایت ہوئی اور ایک شخص نے
سچی ہمدردی کے لہجہ میں کہا "یہ چیلا گائے کا اتنا خیال
رکھتا ہے ۔ یہ ہی دھرم کا انگ ہے ۔ بہتر ہے برندا
اس کے حوالے کر دی جائے تاکہ وہ گائے کی نگرانی
کیا کرے ۔ اور اُس کو شام کے وقت کتھا سُنانے
کا موقع ہاتھ آ جایا کرے ۔

بات معقول تھی سب نے پسند کی ۔ اور چیلے کی
خدمت کے لئے برندا نامی ایک یتیم لڑکی بلا دی گئی
اس لڑکی کا چیلے کے گھر آنا تھا کہ اُس کے تفکرات
کا خاتمہ ہو گیا ۔ ہر طرف رونق برسنے لگی ۔ برندا کے
ہاتھ میں جادو تھا ۔ اُس کے اشارہ کرتے ہی گائے
پیار و محبت کے ساتھ دوڑتی چلی آئی ۔ جھونپڑے کے
ارد گرد جا بجا قرینہ کے ساتھ تلسی ۔ گیندا اور چنبیلی
کے درخت لگ گئے ۔ صبح سے شام تک وہ مصروف
رہتی اور کیا مجال کہ کسی کو ذرا بھی اسکے کام میں نکتہ
چینی کرنے کا موقع ہاتھ آتا ۔

کچھ دنوں تک تو چیلہ خوشی کے ساتھ گاؤں والوں
کو کتھا سناتا رہا ۔ مگر اُسکی حالت میں خاص قسم کی تبدیلی
آ گئی ۔ وہ اکثر رات کے وقت جھونپڑے کے باہر
بیٹھا ہوا چاند کو دیکھا کرتا ۔ اس کا دل پریشان خیالوں
سے بھرا رہتا ۔ مگر غریب کو اتنی عقل نہیں تھی کہ اس

بے چینی کا سبب جانتا - دل کی حالت کچھ کی کچھ ہو
گئی - گورو نے جو کچھ گیان و دھیان کی باتیں بتائی تھیں
سب اس طرح کافور ہو گئیں جیسے ہوا کے جھونکوں سے
آسمان کے بادل دم کے دم میں نظروں غائب ہو جاتے
ہیں - وہ مقدس کتابوں کو پڑھنے کے لئے ہاتھ میں
لیتا - مگر دل کسی اور فکر میں لگا رہتا - یہاں تک
کہ رفتہ رفتہ جس طرح جھونپڑے کی رونق بڑھتی
گئی اسی طرح اس کے چہرے پر اُداسی اور بیچینی
کے آثار نمایاں صورت میں نظر آنے لگے *
کئی ہفتے گذر گئے - گاؤں والوں نے دیکھا -
برندا نے نوجوان کے دل کو فریفتہ کر لیا ہے اور
وہ روز بروز دُبلا پتلا ہوتا جا رہا ہے *
آخر گاؤں والے پھر اکٹھا ہوئے اور چیلے کی
حالت پر غور کرنے لگے - دیر تک گفتگو کرنے کے
بعد ایک شخص نے یہ تجویز پیش کی کہ " برندا کے
ماں باپ نہیں ہیں - بیچاری یتیم ہے - چیلا بھی براہمن
ہے اور اسی کی ذات کا ہے - سادھو ہم کو اس
لڑکے کا سرپرست بنا گیا ہے کیا وجہ ہے ہم اس
کی شادی نہ کر دیں - اُسوقت وہ خوش رہے گا -
اور اسکے تفکرات کا خاتمہ ہو جائیگا *
نتیجہ یہ ہؤا کہ کمسن برندا چیلے کی جورو ہو گئی اور

وہ اس حیثیت میں گائے کی پرداخت کرنے لگی۔ جو بلّی کے دودھ کیواسطے خریدی گئی تھی۔ اور بلی چوہوں سے کتابوں کی حفاظت کرتی رہی ٭

سادھو کو تیرتھ یاترا میں چار برس لگے۔ اُسنے بہت سے مقامات کی سیر کی۔ آخر گھوم پھر کر وہ پھر اپنی جگہ پر واپس آیا۔ جب وہ دریا کے کنارے پہنچا وہاں کچھ اور ہی گل کھلا ہوا تھا۔ نہ وہ جھونپڑا تھا نہ وہ پہلی سادگی تھی۔ اُسکی جگہ ایک نیا مکان تعمیر ہو گیا تھا۔ جس کی وضع سے معلوم ہوتا تھا۔ کہ یہ کسی گرہستی کا گھر ہے ٭

سادھو کو سخت تعجب ہوا۔ اُس نے مالکِ مکان کو آواز دی۔ ایک جوان شخص باہر آیا۔ جسکے جسم پر برہمچاریوں کا لباس تک نہیں تھا۔ ایک لڑکا اُسکی گود میں تھا۔ اور دوسرا ساتھ تھا۔ انکی شکل و صورت برندا کی سی تھی۔ ویسی ہی آنکھیں ویسی ہی ناک وہی گرھت وہی سب کچھ ٭

سادھو کو دیکھکر چیلا خوف سے کانپنے لگا۔ اُس کو برہمچاری کی پرتگیا یاد آئی۔ اور گورو نے جو کچھ تعلیم پہلے دے رکھی تھی سب کا از سر نو خیال پیدا ہوا۔ کیا تھا کیا ہو گیا۔ چلے تھے پرمارتھ کمانے اور بن گئے دنیا کے کتے۔ گھبرا کر وہ گورو کے

پاؤں پر گرا اور کہنے لگا - مہاراج! میرا ذرا بھی قصور نہیں ہے - یہ سب آپ کی کتابوں کی وجہ سے ہے۔ کتابوں کو چوہوں کے صدمہ سے بچانے کے لئے بلّی منگائی گئی - بلّی کے دودھ کے واسطے گائے آئی - گائے کی نگرانی کے خیال سے گاؤں والے برندا براہمنی کو لائے اور میں نے مجبوراً اپنی اخلاقی حالت کے درست رکھنے کی نظر سے اُس کیساتھ شادی کر لی - یہ لڑکے اُس شادی کے نتیجے ہیں - مہاراج! یہ سب آپ کی کتابوں کی وجہ سے ہے۔ اس لئے معاف کیجئے"*

یہ قصّہ ہے - ممکن ہے صحیح ہو یا غلط - مگر حقیقت کے سمجھنے میں اس سے کتنی مدد ملتی ہے - اسی طرح دنیا کے جھمیلے بڑھ جاتے ہیں - ایک بندھن دوسرے بندھن کے پیدا کرنے کا سبب ہو جاتا ہے *

یتھا یوگیہ برتاؤ

جو دولت سے کام لینا جانتے ہیں - دولت اُنکے لئے برکت ہوتی ہے جو اس سے مناسب برتاؤ نہیں کرتے اُن کے واسطے لعنت کا طوق بن جاتی ہے

یہی حال دُنیا کی تمام چیزوں کا ہے۔ اگر تم عورت کیساتھ بھی مناسب برتاؤ کرنا نہیں جانتے تو ہمیشہ دُکھی رہوگے۔ حسد۔ بغض کے شکار بنوگے اور اگر سلوک کرنے کے راز کو سمجھ گئے ہو تو وہی استری تمہاری محبت میں چتا پر جلنے کے لئے تیار رہیگی +

"سادھو" لفظ کا مطلب یہ کبھی نہیں ہے۔ کہ آدمی لنگوٹی لگا کر جنگل کی خاک چھانتا پھرے۔ سادھو آج کل اگر کہیں ہیں بھی تو صرف گرہستیوں میں ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو یتھا یوگیہ برتاؤ کرنا جانتے ہیں +

قصہ ہے "کسی زر پرست کو لکشمی کی بڑی خواہش تھی۔ اُس نے ہزاروں جتن کئے مگر لکشمی نہیں ملی۔ آخر ایک سادھو کے پاس گیا اور اُس کی خدمت کرنے لگا۔ سادھو اُس کی خدمت سے خوش ہو کر کہنے لگا۔ "بیٹے! تو کیا چاہتا ہے؟" اس کو کہنا چاہیئے تھا کہ لکشمی چاہتا ہوں۔ مگر قسمت کی بات زبان سے یہ نکلا۔ کہ لکشمی کا درشن چاہتا ہوں"۔ سادھو ہنسا +

تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ

اُس نے کہا۔ بہت اچھا۔ کل آدھی رات کے وقت فلاں پیپل کے درخت کے تلے جانا۔ تجھ کو لکشمی کا درشن ہو جائیگا"+

وقت مقررہ پر یہ شخص جنگل میں پیپل کے درخت

کے تلے پہنچا۔ دیکھتا کیا ہے۔ ایک نہایت نورانی۔
شاندار مخلوق کھڑی ہوئی ہے۔ اُس نے سمجھا۔ "یہ
لکشمی دیوی ہے" پاس جا کر پرنام کیا اور دیر تک
اس کو دیکھتا رہا۔ لکشمی نے کہا "اب تو نے میرا درشن
کر لیا؟" اس وقت اُس کو اپنی نادانی یاد آئی۔ پچھتانے
لگا۔ مگر اس سے کیا ہو سکتا تھا۔ آخر سوچ سمجھ کر
جواب دیا "ہاں درشن تو آپکے ہو گئے۔ مگر ایک
سوال باقی ہے۔ اُس کا جواب دیجئے۔ تا کہ میری
تسلی ہو جائے"۔ لکشمی نے پوچھا "وہ کیا ہے؟"
اُس نے کہا "میں دیکھتا ہوں آپ کا تمام جسم روشن
ہے۔ جسم کی روشنی صاف شفاف اور سفیدی مائل ہے۔
مگر پیشانی اور پاؤں سیاہ ہیں۔ وہاں سے نیلی روشنی سیاہی
مائل خارج ہو رہی ہے؟"

لکشمی نے مُسکرا کر جواب دیا۔ اس کا سبب یہ ہے
کہ میں اپنا ماتھا ایسے صاحب دل مہاتماؤں کے پاؤں
میں رگڑا کرتی ہوں۔ جن میں سے ایک نے تجھ کو
میرے پاس بھیجا تھا۔ مگر وہ کام لے کر مجھ کو دُور
ہی کرتے رہتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ ماتھا سیاہ ہے
پاؤں کی سیاہی کا سبب یہ ہے کہ تمہارے ایسے
بدنصیب میرے پاؤں پر اپنا ماتھا رگڑتے ہیں۔
کہ میں ہمیشہ تمہارے پاس رہوں"۔

یہ کہہ کر لکشمی نظروں سے غائب ہو گئی اور تمام جنگل میں اندھیرا چھا گیا۔ یہ شخص حیران و پریشان ہو کر اپنے گھر کو واپس آیا *

یہ محض قصّہ ہے۔ مگر نصیحت سے خالی نہیں ہے نادان دنیا پرست جو مناسب برتاؤ کے راز کو نہیں جانتے ہر چیز کو خواہ مخواہ اپنے گلے کا ہار بنانا چاہتے ہیں۔ اُن کے بندھن کا سامان باہر سے نہیں آیا۔ خود اُن کا ایجاد کردہ ہے مگر یہ پھر بھی خواہ مخواہ شور مچاتے ہیں۔ اور اپنے اعمال کی طرف نگاہ نہیں رکھتے *

نہ باید بستن اندر چیز و کس دل
کہ دل برداشتن کارے ست مشکل

لڑکے بالے۔ عورت۔ دولت۔ شہرت۔ نیکنامی سب عارضی اور ناپائدار چیزیں ہیں۔ جب تک میسّر ہیں پرماتما کا نام لے کر اُن کا مناسب استعمال کرو کبھی تم کو رنج و غم نہ ہوگا۔ اور اگر محمّد شاہ رنگیلے کی طرح ان کو اپنے اوپر سوار کرتے ہو تو نادر شاہی کوڑا پیٹھ پر پڑے گا۔ اور یہی چیزیں سانپ بنکر ڈس لیں گی *

جو شخص "ییتھا یوگیہ برتاؤ کرنا جانتا ہے وہی در اصل انسان ہے۔ اور اُسی کے لئے انسانیت

باہتمام لالہ موتی رام مینیجر مفید عام پریس واقع چیٹرجی روڈ لاہور میں چھپی - اور
لالہ رام دتہ مل اینڈ سنز بک سیلرز لوہاری گیٹ نے شائع کی +

اوم مرن جنم کے پھندے سے موکھش پانے اور
کوٹان کوٹ پاپوں کو چھن بھر میں گیان اگنی سے جلانے والے
"مریادا پرشوتم شری بھگوان رامچندر جی مہاراج"
کے روحانی ارشادات اور سوانح حیات کا مکمل گیان یعنی

کتاب موسومہ

"رامائن بالمیکی مجلد سنہری"

جس کو سچے رام بھگت اور علم و ادب کے آفتاب شیریں ملک الشعرا منشی دوارکا پرشاد صاحب اُفق لکھنوی نے اس انداز قابلیت کے ساتھ سلیس اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے کہ جس سے ہر اردو دان ہندو ناظر کے لئے اس کا پڑھنا آسان ہوگیا ہے۔ کتاب کا حجم بارہ سو چوبیس (۱۲۲۴) صفحات پر مشتمل ہے جس کا کاغذ عمدہ دلفریب اور لکھائی چھپائی دیدہ زیب ہے۔ ان سب خوبیوں کے باوجود قیمت صرف [illegible] روپے محصولڈاک بذمہ خریدار۔ نئی نسل کے آزاد خیال ہندو نوجوانوں بڑے بوڑھوں اور دیگر ہر عمر و سن کے ہندو بھائیوں کو یہ روحانی کتاب انتہائی جذبہ عقیدت و محبت کے ساتھ پڑھنی چاہئے اور بلا تاخیر آج کی پہلی ڈاک میں طلب کرنی چاہئے۔

ہندوستان کی تہذیب و تمدن اور قدیمی شان
اگر تاریخ کی آنکھ سے دیکھنا چاہو تو

کتاب موسومہ

"ٹاڈ راجستھان مکمل مجلد سنہری"

منگا کر پڑھنی چاہیئے۔ تاریخی لحاظ سے یہ کتاب اعلیٰ پایہ عظمت رکھتی ہے اور دنیا کی مشہور لائبریریوں میں اس کا فیض مطالعہ جاری ہے۔ ہر ہندو بھائی کو اپنی قوم کی عزت حرمت۔ شجاعت۔ دولت۔ قربانی۔ ایثار اور جوش ہمت سے پر صداقت واقعات سے بہرہ ور ہونا چاہئے۔ جناب اُفق صاحب لکھنوی نے اسکے اردو ترجمہ میں فی الحقیقت کمال کر دیا ہے۔ کتاب ۲۰۶۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اور دو خوبصورت سنہری جلدوں میں مکمل ہے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب اور کاغذ نفیس دلفریب ہے۔ قیمت صرف سات روپے۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

اوم سولہ (۱۶) ک[illegible] پورن شری کرشن بھگوان نے
روحانی فلسفہ گیان حضرت انسان کو اپنی
منوہر مرلی میں گا کر سنایا تھا

کتاب موسومہ

"مہابھارت اردو مجلد سنہری"

بزبانِ اردو منگا کر مطالعہ کیجیے چشم حقیقت کھل جائیگی اور رموز روحانیت کو سمجھنے کی طرف طبیعت خود بخود مائل ہونے لگیگی۔ سناتن دھرم کے سچے پریمی اور نثر و نظم کے بادشاہ منشی دوارکا پرشاد صاحب اُفق لکھنوی نے ۱۸۶۰ صفحات کی طویل ضخامت میں مہابھارت کی تاریخی و روحانی جنگ کو اس خوش ادائی کے ساتھ لکھا ہے کہ پنجاب گورنمنٹ کو بھی بے تحاشا فاضل مترجم کو گرانقدر انعامات سے سرفراز کرنا پڑا۔ اس مہابھارت کے مکمل اٹھارہ پرب کا ترجمہ آچکا ہے۔ جس کا ہر شخص مداح و ثنا خواں ہے۔ کتاب دو خوبصورت سنہری جلدوں پر مشتمل ہے۔ قیمت ہر دو جلد مبلغ سات روپے محصولڈاک بذمہ خریدار۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب اور کاغذ نفیس دلفریب۔

کاشمیر دیش کی مفصل و مکمل پرانی تاریخ یعنی

کتاب موسومہ

"راج ترنگنی یعنی تاریخِ کشمیر مکمل"

ہر تاریخ دان انسان کی میز پر ہونی چاہیئے۔ لاکھ جتن سے اس تاریخی کتاب کا اردو ترجمہ کیا گیا ہے یہ نایاب و انتخاب لاجواب کتاب جو آج سے پچاس سال قبل دو لاکھ روپیہ پر میسر نہ آتی تھی اب بصورت ترجمہ مکمل صرف آٹھ روپے میں فروخت ہو رہی ہے منگا لیجئے۔ کتاب طویل ضخامت پر مشتمل اور ہر لحاظ سے مطالعہ کے قابل ہے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب اور کاغذ نفیس دلفریب ہے۔ قیمت صرف آٹھ روپے۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

ملنے کا پتہ:- رامدتا مل اینڈ سنز تاجران کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور